https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/
dailybalochistanobserver@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ
روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد
جلد 19 | منگل 21 جولائی 2026ء | 6 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 106

# ایران کو ایک امریکی فوجی کے قتل کی کئی گنا زیادہ قیمت چکانا پڑے گی، ٹرمپ

## ایران کا بحرین اور کویت میں امریکی تنصیبات پر حملوں کا دعویٰ

**گرفتار تو ان لوگوں کو ہونا چاہیے جنہوں نے ایران کو موت اور تباہی کے اس بے مثال بھنور میں دھکیلا، اس مسئلے سے کئی سال پہلے ہی نمٹ لینا چاہیے تھا، لیکن سابق امریکی صدور ایسا نہیں کر سکے**

**ایران اب بھی نمایاں فوجی صلاحیت رکھتا ہے اور اگر تنازع جاری رہا تو امریکا کے خلاف میزائل اور ڈرون حملے جاری رہیں گے ایرانی پاسدارن انقلاب**

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو سخت الفاظ میں خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران کسی بھی امریکی فوجی کو قتل کرتا ہے تو اسے اس کی قیمت کئی گنا زیادہ چکانا پڑے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ جب بھی ایران کسی امریکی فوجی کو قتل کرے گا، اسے اس قتل کی کئی گنا قیمت ادا کرنا ہوگی۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ اس حوالے سے واضح (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

تہران (این این آئی) ایرانی پاسدارن انقلاب نے بحرین اور کویت میں موجود امریکی فوجی تنصیبات پر حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ پاسدارن انقلاب کے مطابق بحرین کے الشیخ ایئر بیس پر امریکی افواج کے زیر استعمال ڈرونز کی دیکھ بھال اور ذخیرہ کرنے والی (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند ملاقات کررہی ہیں

## شہباز شریف سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کی ملاقات

**قابل تجدید توانائی، آٹو موبائل اور آٹو پارٹس کی صنعت کے شعبوں میں مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے، وزیراعظم**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

## اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیرخارجہ انیتا آنند کی ملاقات، علاقائی وبین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

## مذاکرات کاروں نے 10 روزہ جنگ بندی کی تجویز دی ہے، ایرانی عہدیدار

**جنگ بندی تجویز میں آبنائے ہرمز کو 10 دنوں سے دو ہفتوں کیلئے کھولنے پر غور کیا جا رہا ہے، گفتگو**

تہران (این این آئی) ایرانی اعلی عہدیدار نے کہا ہے کہ مذاکرات کاروں نے 10 روزہ جنگ بندی کی تجویز دی ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے اعلی عہدیدار نے کہا کہ ایران، امریکا عبوری معاہدے کی بحالی کیلئے تجویز دی گئی ہے، مذاکرات کاروں (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

## وزیراعظم سے احسن اقبال کی ملاقات، ملک میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات، پروفیسر احسن اقبال نے پیر کو وزیراعظم (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

# فیلڈ مارشل عاصم منیر سے کینیڈین وزیر خارجہ انیتا آنند کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

**دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور دفاع وسلامتی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ**

**فیلڈ مارشل نے مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے باہمی تعاون اور مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا**

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور پاکستان وکینیڈا کے دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے عالمی امن اور علاقائی استحکام سے متعلق پاکستان کے موقف کو اجاگر کیا۔ فیلڈ مارشل نے مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے باہمی (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

## ایرانی وزیرداخلہ اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان آمد، علاقائی صورتحال پر بھی پیش رفت کی امید

**ایئرپورٹ پر وزیرداخلہ محسن نقوی اور وزیرمملکت سمیت دیگر نے ایرانی وفد کا استقبال کیا، رپورٹ**

اسلام آباد (این این آئی) ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی اعلی سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان کے دورہ پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایرانی وزیر داخلہ اور وفد کا وفاقی وزیر محسن نقوی نے استقبال کیا اور آمد پر خیر مقدم کیا جبکہ وزیرمملکت داخلہ طلال چوہدری نے ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کو گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر ایرانی سفیر رضا امیری مقدم اس (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

## وزیراعظم کی ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت

**جدید اور مؤثر ریلوے نظام ملکی معیشت، تجارت اور علاقائی روابط کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا، شہباز شریف**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید اور مؤثر ریلوے نظام ملکی معیشت، تجارت اور علاقائی روابط کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ پیر کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت پاکستان ریلویز ٹرانسفارمیشن پلان پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ریلویز (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

# حکومت بہتر گورننس اور ترقیاتی عمل کیلئے جامع اصلاحات پر عمل پیرا ہے، سرفراز بگٹی

**برطانیہ اور بلوچستان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون مزید مضبوط ہوگا، جس سے عوامی فلاح اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں مدد ملے گی**

**بلوچستان میں امن کا قیام، پائیدار ترقی، مؤثر طرزِ حکمرانی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں' وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر محترمہ جین میریٹ نے ملاقات**

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر محترمہ جین میریٹ نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، بلوچستان میں ترقیاتی تعاون اور دوطرفہ روابط کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران تعلیم، صحت، گورننس، ادارہ جاتی استعداد کار اور سرمایہ کاری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے برطانوی ہائی کمشنر کو صوبے میں جاری انتظامی اصلاحات، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں اور حکومت کی ترقیاتی ترجیحات سے بھی آگاہ کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن کا قیام، پائیدار ترقی، مؤثر طرزِ حکمرانی اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت شفافیت، بہتر گورننس اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کیلئے جامع اصلاحات پر عمل پیرا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر مس جین میریٹ ملاقات کررہی ہیں

## امریکا نے اردن میں ہلاک اپنے 2 فوجیوں کی شناخت ظاہر کردی، مجموعی تعداد 17 ہوگئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کی کارروائیوں کے دوران اردن میں ہلاک ہونے والے اپنے دو فوجیوں کی شناخت ظاہر کردی۔ امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں 25 سالہ فرسٹ لیفٹیننٹ ٹائلر (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

# پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا نیا یومیہ نظام منظور، اوگرا روزانہ نرخ جاری کریگا، وفاقی کابینہ

**مالی سال 2027 میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی درآمد صرف پی ایس او کے ذریعے ہوگی جبکہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو مارکیٹ شیئر کے مطابق پیٹرول درآمد کی اجازت ہوگی**

**قیمتوں کے اعلان کیلئے وزیراعظم یا وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری درکار نہیں ہوگی، پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں گزشتہ سات کاروباری دن کی اوسط عالمی قیمت کے مطابق ہوں گی، رپورٹ**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے پیٹرولیم مصنوعات کیلئے روزانہ قیمتوں کے تعین کا نیا نظام منظور کرلیا جس کے تحت اوگرا اب پیٹرول اور ڈیزل کی ایکس ڈپو قیمتیں روزانہ جاری کرے گا۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں گزشتہ سات کاروباری دن کی اوسط عالمی قیمت کے مطابق ہوں گی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا تعین عالمی مارکیٹ کے حساب سے کیا جائے گا۔ قیمتوں کے اعلان (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

## اسرائیلی فوج نے آبادکاروں کے حملے میں دوافراد کو شہید کردیا

**فلسطینیوں کی جانب سے پتھراؤ کے بعد فائرنگ کی، صیہونی فوج کی روایتی الزام تراشی**

غزہ (این این آئی) فلسطینی وزارت صحت نے کہا ہے کہ اسرائیلی افواج نے دو فلسطینیوں کو گولی مار کر شہید کر دیا جب اسرائیلی آبادکاروں کے ایک گروپ نے رات (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

## امریکا کا لبنان میں پائلٹ زون بنانے کا اعلان، اسرائیلی فوج کا انخلا بھی ہوگا

**پائلٹ زون سے اسرائیلی فوج کا انخلا ہوگا اور ان کی جگہ لبنانی فوجی لے لیں گے**

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی لبنان میں جنگ بندی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے پہلے پائلٹ زونز میں کارروائیاں باضابطہ طور پر شروع کردی گئی ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعلان امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان ٹومی پگوٹ نے میڈیا کو جاری کیے گئے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انھوں نے بتایا کہ جنوبی لبنان کے علاقوں (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

## صدر زرداری کی برطانیہ کے نومنتخب وزیراعظم اینڈی برنہم کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر دلی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے برطانیہ کے نومنتخب وزیراعظم اینڈی برنہم کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر دلی مبارکباد دی ہے۔

## 60 فیصد سے زائد امریکی عوام ایران امریکا امن معاہدے کے حامی ہیں، ٹرمپ نے سروے نتائج شیئر کردیئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک سروے شیئر کیا ہے جس کے مطابق امریکی عوام کی اکثریت ایران کے ساتھ جنگ کے خاتمے اور مفاہمتی معاہدے کی حمایت کرتی ہے۔

## آئی ایس پی آر کے زیراہتمام پاکستان بھر کے طلبہ کیلئے سمرکیمپ کا انعقاد، 4ہزار سے زائد طلبہ شریک

**پاکستان ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنا ہے، قومی اتحاد اور نوجوانوں کی مثبت سوچ ہی مضبوط اور پرامن ملک کی ضمانت ہے' سرفراز بگٹی**

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر کے زیراہتمام پاکستان بھر کے طلبا و طالبات کیلئے سمر کیمپ 2026ء کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئی ایس پی آر سمر کیمپ 2026ء کے شرکا کیساتھ خصوصی نشست کی، سمر کیمپ 2026ء میں پاکستان (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

# مشترکہ کوششوں سے پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کی تعمیر کر سکتے ہیں، جعفر مندوخیل

**روشن مستقبل کی تعمیر کو یقینی بنانے کی خاطر پہلی شرط ہمارے نوجوانوں کے اصل کردار کو پہچاننا ہے**

**پالیسی سازی اور فیصلہ سازی کے عمل میں نوجوانوں کی شمولیت کو یقینی بنانا اشد ضروری ہے' گورنر بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش پیچیدہ چیلنجز سنجیدہ اقدامات اور پائیدار حل کے متقاضی ہیں۔ پاکستان کا معاشی مستقبل بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی سے جڑا ہوا ہے۔ جسطرح امن کے بغیر ترقی پروان نہیں چڑھ سکتی اسی طرح سماجی انصاف اور عوامی اعتماد کے بغیر امن قائم نہیں رہ سکتا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ پالیسی سازی اور فیصلہ سازی کے عمل میں نوجوانوں (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

## الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں سے مالی گوشواروں کی تفصیلات مانگ لیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سیاسی (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

## اسحاق ڈار سے متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر شفقت علی خان کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

**متحدہ عرب امارات میں مقیم بڑی پاکستانی برادری کی فلاح و بہبود کیلئے باہمی تعاون کو مزید موثر بنایا جائے، وزیر خارجہ کی ہدایت**

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر شفقت علی خان نے ملاقات کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ اپنے دیرینہ، برادرانہ اور مضبوط تعلقات کو بے حد اہمیت دیتا ہے۔ انہوں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

## آبنائے ہرمز میں دو یونانی بحری جہازوں پر میزائل حملے، ایک میں آگ بھڑک اٹھی

**متاثرہ آئل ٹینکر یونان کی کمپنی کی ملکیت ہے، عملے کے تمام ارکان کو ایک بوٹ کے ذریعے بحفاظت نکال لیا گیا**

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں دو یونانی بحری جہازوں پر میزائل حملے ہوئے ہیں، ایک میں آگ بھڑک اٹھی۔ عرب میڈیا کے مطابق جہاز میں آگ لگنے کے بعد اس کے تمام عملے نے جان بچانے کیلئے جہاز کو چھوڑ دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق مالٹا کے پرچم بردار آئل ٹینکر کا وومالیاس پر حملے کے بعد آگ بھڑک اٹھی، متاثرہ آئل ٹینکر یونان کی کمپنی کی ملکیت (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

# خیبرپختونخوا بارشوں سے سیلابی صورتحال، مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق

**لنڈی کوتل میں گاڑی سیلابی ریلے میں بہہ گئی، تین افراد لقمہ اجل، رستم میں آسمانی بجلی گرنے سے 2 بچے جاں بحق**

**رستم کے علاقے عرفان نگر میں آسمانی بجلی گرنے سے گھر کے ایک کمرے کی چھت منہدم ہوگئی**

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں تیز بارشوں سے برساتی نالوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہوگئی، آسمانی بجلی گرنے اور حادثات میں 5 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ پشاور اور گردونواح میں بادل خوب برسے جس کے باعث درجہ حرارت میں نمایاں کمی آئی جبکہ نوشہرہ کینٹ اور ملحقہ علاقوں میں بھی موسلا دھار بارش کے بعد موسم خوشگوار ہوگیا۔ خیبر پختونخوا میں حالیہ بارشوں کے باعث (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے وائس چانسلر تربت یونیورسٹی ڈاکٹر گل حسن بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

# پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دیرینہ اور ہمہ جہت تعلقات موجود ہیں، اسحاق ڈار

**پاکستان اور کینیڈا کا تجارت، سرمایہ کاری، سکیورٹی اور ترقیاتی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق**

**کینیڈا کا پاکستان میں سکیورٹی اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے 4 کروڑ 70 لاکھ کینیڈین ڈالر سے زائد کی معاونت کا اعلان**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کینیڈا نے تجارت، سرمایہ کاری، سکیورٹی اور ترقیاتی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کرتے ہوئے دوطرفہ روابط کو ادارہ جاتی بنیادوں پر مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جبکہ کینیڈا نے پاکستان میں سکیورٹی اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے 4 کروڑ 70 لاکھ کینیڈین ڈالر سے زائد کی معاونت کا اعلان کیا ہے۔ پیر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات کی جس میں فریقین نے پاکستان اور کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا اور علاقائی و بین (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

## واپڈا منصوبوں میں تاخیر پر سینیٹ ذیلی کمیٹی کا اظہار تشویش، ذمہ داروں کے تعین اور مالی بوجھ کی تفصیلات طلب

**مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ پر 4 5فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، بریفنگ**

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اکنامک (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

## ایرانی شہر تبریز پر امریکی فوج کے حملے میں ایک افسر شہید، ایرانی خبر ایجنسی

تہران (این این آئی) ایرانی شہر تبریز پر امریکی فوج کے حملے میں ایک افسر شہید ہوگیا۔ ایرانی خبر ایجنسی فارس کی رپورٹ کے مطابق شمال مغربی شہر تبریز میں امریکی حملے کے نتیجے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

## محاصرے کا جواب محاصرے سے، حوثیوں کا سعودی عرب کی بحری ناکہ بندی کرنے کا اعلان

**سعودیہ کی بحری ناکہ بندی یمن کے صنعا ایئرپورٹ کے محاصرے کے جواب میں کی جا رہی ہے، ترجمان حوثی فوج**

صنعاء (این این آئی) یمن کے ایران کے حمایت یافتہ حوثی گروپ نے سعودی عرب کے خلاف فوری طور پر نافذ العمل سمندری محاصرے کا اعلان کردیا جس سے خطے میں (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

## ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم چور برقی آلات چوری کر کے فرار

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ کے مختلف علاقوں میں ایک منظم گروہ کی جانب سے بجلی لائنوں اور کھمبوں سے برقی (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

## ایران نے امریکی چالوں کو سمجھ لیا ہے، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف

تہران (این این آئی) اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران نے امریکی چالوں کو سمجھ لیا ہے۔ امریکا (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر ریونیو عاصم کرد گیلو چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے ملاقات کررہے ہیں

# پاکستان پیپلز پارٹی پاکستان کے عوام کی سب سے بڑی سیاسی و جمہوری جماعت ہے، سردار عمر گورگیج

**پیپلز پارٹی خواتین ونگ کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان میں فعال اور منظم ہے اور خواتین ونگ کی صوبائی اور ضلعی عہدیداران خواتین سے قریبی رابطے میں ہیں**

**اسوقت بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے لارہی ہے' صدر پیپلز پارٹی بلوچستان**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر وسینیٹر سردار محمد عمر گورگیج سے پیر کو پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صدر و ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، جنرل سیکرٹری زرینہ زہری اور سیکرٹری اطلاعات کرن بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال، پارٹی کے تنظیمی امور، خواتین کو بااختیار بنانے اور نچلی سطح پر پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

ایران کے وزیرداخلہ اسکندر مومنی اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان کے دورہ پر اسلام آباد پہنچنے پر وزیرداخلہ کے ہمراہ ایئرپورٹ سے باہر آرہے ہیں

# بلوچستان کے نوجوان قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں، سیدال ناصر

**صوبے میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے، فٹبال اکیڈمیوں، تربیتی مراکز اور گراس روٹ مقابلوں پر خصوصی توجہ دی جائے تو یہ خطہ پاکستان میں فٹبال کی ترقی کا سب سے بڑا مرکز بن سکتا ہے**

**کھیل مختلف ممالک، ثقافتوں اور طبقات کے درمیان روابط اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہیں' ڈپٹی چیئرمین سینٹ**

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی فٹبال فائنل میچ کی لائیو اسکریننگ میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا اہتمام وزیرِاعظم یوتھ پروگرام برائے سیاحت و مہمان نوازی کے فوکل پرسن محمد رؤف راجہ نے بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل اسلام آباد کے اشتراک سے کیا۔ تقریب میں محمد رؤف راجہ، جنرل (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

## وقت آگیا ہے کہ پاکستان آبی سلامتی کو قومی سلامتی کا بنیادی ستون قرار دے' عبدالقادر

**دونوں ممالک کے درمیان اعتماد، شفافیت اور بروقت معلومات کے تبادلے کا بھی ایک اہم فریم ورک ہے۔**

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ اگر بھارت نے سلال ڈیم کے کیٹس پاکستان کو پیشگی اطلاع دیے بغیر (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

## ایرانی حملوں میں درجنوں امریکی فوجی زخمی ہوئے اور نقصانات چھپایا گیا، نیویارک ٹائمز

**ایران، امریکا اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں اضافے کے بعد اب تک 17 امریکی فوجی ہلاک، 400 سے زائد زخمی ہوچکے**

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی حملوں (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

# بلوچستان کو تجارت، صنعت اور لاجسٹکس کا علاقائی مرکز بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، بلال کاکڑ

**گوادر پورٹ، چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) اور علاقائی تجارتی روابط کے تناظر میں پاکستان کی معاشی ترقی کا ایک اہم ستون بن کر ابھر رہی ہے**

**بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت، ویلیو ایڈیشن، روزگار کے مواقع اور برآمدی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے بھی نئی راہیں ہموار کرے گا، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے گوادر پورٹ پر کارگو اور ٹرانس شپمنٹ بحری جہازوں کی آمد اور تجارتی سرگرمیوں کے کامیاب تسلسل کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ علاقائی بحری صورتحال کے باوجود گوادر پورٹ پر بین الاقوامی تجارتی سرگرمیوں کا جاری رہنا بلوچستان اور پاکستان کی معیشت کیلئے نہایت حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ انہوں (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

## سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کی کارروائی 8 قتل کے مقدمات میں مطلوب دو نامزد ملزمان کو گرفتار

**دورانِ تفتیش ملزمان نے تفتیشی ٹیم کو قمبرانی روڈ پر واقع اپنے زیرِ تعمیر مکان کی نشاندہی کی**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی سیریس کرائم انوسٹی گیشن کیپٹن (ر) دوست محمد بگٹی کی ہدایت پر انوسٹی گیشن ٹیم کی زیرِ نگرانی میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 8 قتل کے مقدمات میں مطلوب دو نامزد ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت عبدالرزاق اور محمد اکرام کے ناموں سے ہوئی ہے۔ ملزمان کے قبضے سے ایک عدد 223 بور رائفل، ایک ایس ایم جی (SMG)، تین ٹی ٹی پستول اور 30 بور کے 40 کارتوس برآمد کیے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے جماعت اسلامی کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

## یوکرین کا روس میں مسافر بس پر ڈرون حملہ، 5 افراد ہلاک، 23 زخمی

**الیگزینڈر شوایف نے اس واقعے کو غیر انسانی اور گھناؤنا حملہ قرار دے دیا**

ماسکو (این این آئی) روس کے سرحدی بیلگورود ریجن میں یوکرین سے منسوب ڈرون حملے میں ایک مسافر بس کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک جبکہ 23 افراد زخمی ہو گئے۔ بیلگورود ریجن کے قائم مقام گورنر الیگزینڈر شوایف کے مطابق ڈرون حملہ شیبیکینو شہر میں کیا گیا، جہاں ایک مسافر بس کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں چار خواتین اور ایک کم عمر لڑکا شامل ہیں، جبکہ ہلاک افراد کی شناخت کا عمل جاری ہے۔

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ' فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

## چین میں ہر سال تین لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل سکلز کی تربیت

وفاقی وزیر برائے پلاننگ احسن اقبال نے کہا ہے کہ چین ہر سال تین لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل سکلز کی تربیت فراہم کرے گا جس سے ملک میں ٹیکنالوجی اور نالج اکانومی کو مزید فروغ ملے گا، پاکستان فری لانسنگ کے شعبے میں دنیا کا چوتھا بڑا ملک بن چکا ہے اور نوجوانوں کی صلاحیتیں ملک کی ڈیجیٹل معیشت اور برآمدات میں اضافے کا اہم ذریعہ ہیں۔ فری لانسرز اور آئی ٹی پروفیشنلز مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجیز سے خود کو ہم آہنگ کریں تاکہ عالمی منڈی میں اپنی مسابقت برقرار رکھ سکیں۔ جدید دور میں کامیابی کے لیے بڑے دفاتر یا بھاری سرمایہ کاری کی ضرورت نہیں بلکہ علم، ہنر اور ٹیکنالوجی تک رسائی ہی اصل سرمایہ ہے۔ پاکستانی نوجوان دنیا بھر کے کلائنٹس کو خدمات فراہم کر کے نہ صرف اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں بلکہ ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ بھی کما رہے ہیں۔ فری لانسنگ اب متبادل پیشہ نہیں بلکہ پاکستان کی ڈیجیٹل اکانومی کا ایک مضبوط اور اہم ستون بن چکی ہے جبکہ پاکستانی فری لانسرز ہر سال کروڑوں ڈالر کا زرمبادلہ ملک میں لا کر قومی معیشت کو مستحکم کر رہے ہیں۔ پاکستانی فری لانسرز درحقیقت ملک کے ڈیجیٹل سفیر ہیں جو عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کر رہے ہیں۔ پنجاب حکومت عالمی معیار کے ادائیگی نظام اور مضبوط ڈیجیٹل فنانشل ایکوسسٹم کی ضرورت سے پوری طرح آگاہ ہے اور فری لانسرز کو بین الاقوامی ادائیگیوں میں درپیش رکاوٹیں دور کرنے کے لیے وفاقی حکومت اور اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل کے ساتھ رابطے میں ہے۔ حکومت کا مقصد فری لانسرز کو ان کی آمدن محفوظ، تیز اور آسان طریقے سے فراہم کرنا ہے۔ پنجاب حکومت کاروبار دوست ماحول، شفافیت اور پیش گوئی پر مبنی معاشی پالیسیوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے جبکہ ڈیجیٹل سروسز کی برآمدات اور زرمبادلہ کمانے والوں کی حوصلہ افزائی اس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ جس سے نوجوانوں کیلئے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

## اللہ ہی بہترین مددگار ہے

بات سے بات
منصور نظامانی
★★★★
mansoornizamani111@gmail.com

انسان کی زندگی خوشیوں اور غموں، آسانیوں اور آزمائشوں، کامیابیوں اور ناکامیوں کا مجموعہ ہے۔ ہر انسان کی زندگی میں ایسے لمحات ضرور آتے ہیں جب وہ خود کو بے بس، لاچار اور تنہا محسوس کرتا ہے۔ کبھی معاشی تنگی، کبھی بیماری، کبھی روزگار کے مسائل، کبھی خاندانی اختلافات اور کبھی کسی عزیز کی جدائی انسان کو اندر تک ہلا دیتی ہے۔ ایسے حالات میں دنیا کے تمام سہارے کمزور ثابت ہو جاتے ہیں، دوست بھی ساتھ چھوڑ دیتے ہیں اور وسائل بھی ختم ہو جاتے ہیں، لیکن ایک در ایسا ہے جو کبھی بند نہیں ہوتا، اور وہ اللہ رب العالمین کا در ہے۔ جو شخص اخلاص کے ساتھ اپنے رب کی طرف رجوع کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت، نصرت اور رہنمائی سے نوازتا ہے۔ اسی لیے اسلام مومن کو یہ تعلیم دیتا ہے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے، کیونکہ حقیقی طاقت اور مدد صرف اسی کے اختیار میں ہے۔

قرآنِ کریم میں توکل کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ توکل کا مطلب ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جانا نہیں، بلکہ جائز اسباب اختیار کرنا، اپنی پوری استطاعت کے مطابق محنت کرنا اور پھر نتیجہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینا ہے۔ ایسا یقین انسان کو مایوسی سے بچاتا ہے، دل کو اطمینان عطا کرتا ہے اور مشکلات میں ثابت قدم رکھتا ہے۔

قرآنِ کریم کی سورۃ ہود اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے کا ایک عظیم سبق پیش کرتی ہے۔ حضرت ہود علیہ السلام نے اپنی قوم کی سخت مخالفت اور دھمکیوں کے باوجود پورے یقین کے ساتھ فرمایا:

۔ترجمہ: "بے شک میں نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے، جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔" (سورۃ ہود: 56)۔ یہ آیت اس حقیقت کو واضح کرتی ہے کہ جب انسان کا سہارا اللہ تعالیٰ ہو تو دنیا کی کوئی طاقت، خوف یا آزمائش اسے شکست نہیں دے سکتی، کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ اس کی حفاظت اور مدد صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

۔ترجمہ: "اور جو اللہ پر بھروسہ کرے، تو اللہ اس کیلئے کافی ہے۔" (سورۃ الطلاق: 3)۔ یہ آیت مومن کے دل میں یہ یقین پیدا کرتی ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرتا ہے، وہ کبھی حقیقی معنوں میں تنہا نہیں رہتا۔ دنیا کے دروازے بند ہو سکتے ہیں، مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں۔

مزید ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: "پس اللہ پر بھروسہ کیجیے، بے شک اللہ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔" (سورۃ آلِ عمران: 159)۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ توکل صرف ایک نیک صفت نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی محبت اور قرب حاصل کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔ جو شخص اخلاص اور دیانت داری کے ساتھ کوشش کرتا ہے اور اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے اپنی خاص رحمت سے نوازتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سورۃ یونس میں ارشاد فرماتا ہے:۔

ترجمہ: "اور اگر اللہ تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا کوئی اسے دور کرنے والا نہیں، اور اگر وہ تمہارے لیے بھلائی کا ارادہ کرے تو اس کے فضل کو کوئی روکنے والا نہیں۔" (سورۃ یونس: 107)۔ اس آیت سے واضح ہوتا ہے کہ نفع و نقصان، عزت و ذلت، رزق اور کامیابی سب اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں، اس لیے مومن کو ہر حال میں اپنے رب ہی کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

قرآنِ کریم میں انبیائے کرام علیہم السلام کی زندگیاں اللہ تعالیٰ کی نصرت اور مدد کی روشن مثالوں سے بھری پڑی ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو اللہ تعالیٰ نے آگ کو ٹھنڈی اور سلامتی والی بنا دیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جب سمندر کے کنارے پہنچے اور پیچھے فرعون کا لشکر تھا تو آپ نے پورے یقین کے ساتھ فرمایا: ۔ترجمہ: "ہرگز نہیں! بے شک میرا رب میرے ساتھ ہے، وہ ضرور میری رہنمائی فرمائے گا۔" (سورۃ الشعراء: 62)۔ اللہ تعالیٰ نے اسی لمحے سمندر میں راستہ پیدا فرمایا، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اہلِ ایمان کو نجات عطا کی اور فرعون کو اس کے لشکر سمیت غرق کر دیا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی پوری زندگی بھی صبر، توکل اور اللہ تعالیٰ کی مدد کا روشن نمونہ ہے۔ کنویں سے لے کر قید خانے تک ہر آزمائش میں انہوں نے اپنے رب پر کامل اعتماد قائم رکھا، اور آخرکار اللہ تعالیٰ نے انہیں عزت، اقتدار اور سربلندی عطا فرمائی۔

رسول اللہؐ نے بھی اپنی امت کو توکل کی حقیقی روح سے آگاہ فرمایا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "اگر تم اللہ پر ایسا بھروسہ کرو جیسا بھروسہ کرنے کا حق ہے تو اللہ تمہیں اسی طرح رزق عطا فرمائے گا جیسے پرندوں کو دیتا ہے۔ وہ صبح خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو آسودہ ہو کر واپس آتے ہیں۔" (جامع ترمذی: 2344)۔ یہ حدیث واضح کرتی ہے کہ توکل کا مطلب ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جانا نہیں، بلکہ رزق کی تلاش میں کوشش کرنا اور پھر نتائج کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینا ہے۔ جیسے پرندے اپنے گھونسلوں میں بیٹھے نہیں رہتے بلکہ خوراک کی تلاش میں نکلتے ہیں، اسی طرح مسلمان کو بھی محنت، جدوجہد اور اللہ تعالیٰ پر کامل اعتماد کے ساتھ زندگی گزارنی چاہیے۔

ایک موقع پر ایک شخص نے رسول اللہؐ سے عرض کیا کہ کیا میں اپنے اونٹ کو کھلا چھوڑ کر اللہ پر بھروسہ کر لوں؟ آپؐ نے فرمایا: "پہلے اونٹ کو باندھو، پھر اللہ پر بھروسہ کرو۔" (جامع ترمذی)۔ اس مختصر مگر جامع حدیث میں اسلام کا متوازن تصورِ توکل بیان کیا گیا ہے۔ اسلام انسان کو اسباب اختیار کرنے، ذمہ داری نبھانے اور بھرپور کوشش کرنے کی تعلیم دیتا ہے، جبکہ نتائج اللہ تعالیٰ پر چھوڑنے کا حکم دیتا ہے۔

رسول اللہؐ کی ہجرت کا واقعہ بھی اللہ تعالیٰ پر کامل اعتماد کی عظیم مثال ہے۔ جب آپؐ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ساتھ غارِ ثور میں موجود تھے اور دشمن بالکل قریب پہنچ چکے تھے، اس وقت اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

۔ترجمہ: "غم نہ کیجیے، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔" (سورۃ التوبہ: 40)۔ یہ الفاظ صرف حضرت ابوبکر صدیقؓ کے لیے تسلی کا ذریعہ نہیں تھے بلکہ قیامت تک آنے والے ہر مومن کے لیے امید، حوصلے اور یقین کا پیغام ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے، وہ کبھی تنہا نہیں رہتا۔

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو خوشخبری دیتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

۔ترجمہ: "پس یقیناً ہر تنگی کے ساتھ آسانی ہے، بے شک ہر تنگی کے ساتھ آسانی ہے۔" (سورۃ الشرح: 5-6)۔ یہ آیات مومن کے دل میں امید کی شمع روشن کرتی ہیں اور یقین دلاتی ہیں کہ دنیا کی کوئی آزمائش ہمیشہ باقی نہیں رہتی۔ ہر اندھیری رات کے بعد صبح طلوع ہوتی ہے اور ہر مشکل کے بعد آسانی ضرور آتی ہے۔ اس لیے صبر، دعا اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کبھی نہیں چھوڑنا چاہیے۔

آج کا انسان معاشی بحران، مہنگائی، بے روزگاری، بیماریوں، ذہنی دباؤ، خاندانی مسائل اور سماجی بے چینی جیسے بے شمار چیلنجز سے دوچار ہے۔ ایسے حالات میں قرآنِ کریم اور سنتِ نبویؐ کی تعلیمات ہی حقیقی رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ اسلام ہمیں نماز کو اپنی زندگی کا مرکز بنانے، دعا، استغفار اور ذکرِ الٰہی کو اپنا معمول بنانے، حلال رزق کے لیے دیانت داری سے محنت کرنے اور کسی بھی حال میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہونے کی تعلیم دیتا ہے۔ جو شخص اپنی پوری کوشش کے بعد نتائج اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیتا ہے، اس کے دل میں سکون، امید اور حوصلہ پیدا ہوتا ہے اور وہ ہر آزمائش کا ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے۔

ہمارے معاشرے میں بھی توکل کے صحیح مفہوم کو عام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ یا تو مایوسی کا شکار ہو جاتے ہیں یا پھر محنت کیے بغیر معجزوں کے منتظر رہتے ہیں، حالانکہ اسلام دونوں رویوں کی نفی کرتا ہے۔ اسلام محنت، دیانت داری، دعا، صبر اور اللہ تعالیٰ پر کامل اعتماد کو ایک ساتھ اختیار کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ یہی طرزِ فکر ایک مضبوط فرد، مستحکم خاندان اور پُرامید معاشرے کی بنیاد بنتی ہے۔

آخر میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ دنیا کے تمام سہارے عارضی ہیں، مگر اللہ تعالیٰ کا سہارا ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔ جب انسان اخلاص کے ساتھ اپنے رب کی طرف رجوع کرتا ہے، اپنی استطاعت کے مطابق مسلسل جدوجہد کرتا ہے، دعا اور استغفار کو اپنی زندگی کا حصہ بناتا ہے اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے ایسے راستے کھول دیتا ہے جن کا وہ تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اس لیے زندگی کے ہر موڑ پر، خوشی ہو یا غم، کامیابی ہو یا آزمائش، دل میں یہ یقین ہمیشہ تازہ رکھنا چاہیے کہ اللہ ہی بہترین مددگار ہے۔ جو شخص اپنے رب پر بھروسہ کرتا ہے، وہ کبھی حقیقی معنوں میں تنہا نہیں رہتا، کیونکہ اس کا مددگار وہ رب ہے جو ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے، ہر دعا کو سنتا ہے اور اپنے بندوں پر بے حد مہربان ہے۔

☆☆☆☆

## یورپی یونین جی ایس پی پلس رپورٹ اور یوتھ بجٹ

**نازیہ مصطفیٰ**

پاکستان میں معاشی استحکام آچکا ہے، اس امر کی گواہی عالمی سطح پر بھی دی جا رہی ہے اور اس معاشی استحکام کے نتیجے میں حاصل ہونے والے ثمرات قوم تک بالخصوص نوجوان طبقے تک پہنچانے کیلئے اقدامات مقامی سطح پر بھی نظر آ رہے ہیں۔ عالمی سطح پر اس معاشی استحکام کی گواہی یورپی یونین کی جی ایس پی پلس کی تازہ جائزہ رپورٹ دے رہی ہے، جبکہ مقامی سطح پر اس کے ثمرات حکومت پاکستان کی جانب سے نوجوانوں کیلئے مختص ترجیحی بجٹ سے دکھائی دے رہے ہیں۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ کسی بھی قوم کا مستقبل اس کے نوجوانوں سے وابستہ ہوتا ہے۔ جو ممالک اپنی نوجوان نسل کی تعلیم، ہنرمندی، اختراع اور معاشی خودمختاری میں سرمایہ کاری کرتے ہیں، وہی عالمی معیشت میں نمایاں مقام حاصل کرتے ہیں۔ پاکستان بھی اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے کیونکہ ملک کی تقریباً ستر فیصد آبادی تیس برس سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے۔ یہ آبادی صرف ایک عددی حقیقت نہیں بلکہ ایک ایسا قومی سرمایہ ہے جو درست منصوبہ بندی، معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے ذریعے قومی ترقی کا سب سے بڑا محرک بن سکتا ہے۔ اسی تناظر میں وفاقی بجٹ برائے مالی سال 2026-27ء میں نوجوانوں کو قومی ترقی کے مرکز میں رکھا گیا ہے۔ بجٹ میں نوجوانوں کی تعلیم، ہنرمندی، کاروباری معاونت، ٹیکنالوجی، کھیل، اختراع اور قیادت کے فروغ کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں، جو اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ حکومت نوجوانوں کو محض مستقبل کی افرادی قوت نہیں بلکہ پاکستان کی معاشی بحالی اور پائیدار ترقی کا بنیادی ستون سمجھتی ہے۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن میں نوجوانوں کو "جاب سیکرز" سے "جاب کریئیٹرز" بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

اسی سوچ کے تحت وزیراعظم یوتھ پروگرام کے لیے مالی سال 2026-27ء میں 40.58 ارب روپے مختص کیے گئے، جبکہ مختلف وزارتوں کے ذریعے نوجوانوں سے متعلق دیگر منصوبوں کے لیے مزید 21 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ یہ مجموعی سرمایہ کاری اس بات کا اظہار ہے کہ حکومت روزگار، تعلیم، ہنرمندی، کاروبار، اختراع اور قیادت کے شعبوں میں نوجوانوں کے لیے ایک جامع نظام تشکیل دینا چاہتی ہے۔

اس بجٹ میں سب سے بڑی رقم، یعنی 22.4 ارب روپے، وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون سکیم کے لیے مختص کی گئی ہے۔ اس پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو کم شرح سود یا بلاسود قرضے فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے کاروبار شروع کر سکیں، زرعی منصوبے قائم کریں، نئی کمپنیوں کی بنیاد رکھیں اور دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کریں۔ اس سکیم کے تحت اب تک 365 ارب روپے سے زائد کے قرضے چھ لاکھ سے زیادہ نوجوانوں کو دیے جا چکے ہیں، جن کے نتیجے میں لاکھوں روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ مزید اہم بات یہ ہے کہ اس پروگرام میں خواتین کے لیے پچیس فیصد مخصوص کوٹہ رکھا گیا ہے تاکہ نوجوان خواتین بھی معاشی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لے سکیں۔

عالمی معیشت تیزی سے ڈیجیٹل معیشت میں تبدیل ہو رہی ہے، جہاں مصنوعی ذہانت، ڈیٹا سائنس، بلاک چین اور جدید ٹیکنالوجیز نئی اقتصادی قوت بن چکی ہیں۔ حکومت نے اس تبدیلی کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کی فنی اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ کے لیے تقریباً دس ارب روپے مختص کیے ہیں۔ اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو ان شعبوں میں تربیت دی جا رہی ہے جن کی عالمی منڈی میں طلب مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اس کا مقصد تعلیم اور روزگار کے درمیان موجود خلا کو کم کرنا اور پاکستانی نوجوانوں کو ملکی و بین الاقوامی مواقع سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

تعلیم کے میدان میں بھی اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ پاکستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ کے لیے تین ارب روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ مالی مشکلات کے باوجود ذہین طلبہ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔ اسی طرح دانش سکولوں کے نیٹ ورک کی توسیع کے لیے 24.48 ارب روپے رکھے گئے ہیں، جس سے دور دراز علاقوں کے مستحق طلبہ کو معیاری تعلیم میسر آئے گی۔

ڈیجیٹل تعلیم کو فروغ دینے کے لیے وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت پہلے ہی لاکھوں طلبہ کو لیپ ٹاپ فراہم کیے جا چکے ہیں، جبکہ نئے مرحلے میں مزید ایک لاکھ لیپ ٹاپ اور بعد ازاں کروم بکس تقسیم کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس کے ساتھ "ڈیجیٹل یوتھ ہب" کے ذریعے تعلیم، روزگار، انٹرن شپ، وظائف، کاروباری مواقع اور کھیلوں کی سرگرمیوں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر مربوط کیا جا رہا ہے۔ لاکھوں نوجوان اس پلیٹ فارم سے مستفید ہو رہے ہیں، جہاں میرٹ کی بنیاد پر معلومات اور مواقع تک رسائی ممکن بنائی گئی ہے۔

حکومت نے نوجوانوں کی سماجی اور قومی ذمہ داریوں پر بھی خصوصی توجہ دی ہے۔ نیشنل والنٹیئر کور کے ذریعے لاکھوں نوجوانوں کو موسمیاتی تبدیلی، قدرتی آفات سے نمٹنے اور سماجی خدمات کی تربیت دی جا رہی ہے، جبکہ گرین یوتھ موومنٹ کے ذریعے ماحولیات کے تحفظ میں نوجوانوں کی شمولیت کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ کھیلوں کے میدان میں ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام، نئی سپورٹس لیگز، ای سپورٹس پالیسی اور جدید تربیتی مراکز بھی نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

نوجوانوں کی ترقی صرف ایک سماجی پروگرام نہیں بلکہ براہ راست معیشت سے جڑی ہوئی حکمت عملی ہے۔ ایک ہنرمند، خودمختار اور کاروباری ذہن رکھنے والی نوجوان نسل برآمدات، اختراع، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرتی ہے، جس سے قومی آمدنی میں اضافہ اور معاشی استحکام ممکن ہوتا ہے۔

اسی معاشی استحکام کا ایک اہم پہلو پاکستان کی بین الاقوامی تجارتی حیثیت بھی ہے۔ یورپی یونین کی جی ایس پی پلس اسیسمنٹ رپورٹ (2023-2025) اسی تناظر میں اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ یہ پاکستان کی ان 27 بین الاقوامی کنونشنز پر عمل درآمد کا جائزہ لیتی ہے جو انسانی حقوق، محنت کشوں کے حقوق، ماحولیاتی تحفظ اور اچھی حکمرانی سے متعلق ہیں۔ یہ رپورٹ نہ صرف پاکستان کی برآمدات کے لیے اہم ہے بلکہ عالمی سطح پر اس کی اقتصادی ساکھ سے بھی جڑی ہوئی ہے۔

رپورٹ میں مختلف شعبوں میں قانون سازی، ادارہ جاتی اصلاحات اور بعض مثبت پیش رفت کو تسلیم کیا گیا، تاہم اس کے ساتھ عمل درآمد، ادارہ جاتی استعداد اور بعض انسانی حقوق سے متعلق شعبوں میں مزید بہتری کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ کسی بھی ملک کی کارکردگی کا جائزہ صرف قانون سازی سے نہیں بلکہ اس کے عملی نفاذ سے بھی لیا جاتا ہے، اسی لیے پاکستان کے لیے یہ جائزہ اصلاحات کو مزید موثر بنانے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔

پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو مذہبی آزادی، بنیادی حقوق اور مساوی قانونی تحفظ فراہم کرتا ہے۔ ملک میں مختلف مذہبی برادریوں کے عبادت گاہیں موجود ہیں اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ تمام شہریوں کے جان و مال اور مذہبی آزادی کا تحفظ یقینی بنائے۔ گزشتہ برسوں میں اقلیتوں کے تحفظ، نفرت انگیز جرائم کی روک تھام اور قانونی اصلاحات کے حوالے سے بھی متعدد اقدامات کیے گئے ہیں، اگرچہ ان پر موثر عمل درآمد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

اسی کے ساتھ یورپ میں بھی مذہبی آزادی، اسلاموفوبیا، امتیازی رویوں اور بعض ممالک میں مذہبی علامات یا لباس سے متعلق قوانین پر مسلسل بحث جاری ہے۔ اس تناظر میں انسانی حقوق پر مکالمہ اس وقت زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے جب تمام ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے اور اصلاح کی مشترکہ کوشش کریں، نہ کہ صرف تنقید تک محدود رہیں۔ پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان جاری تعاون بھی اسی تعمیری نقطہ نظر کا متقاضی ہے، کیونکہ GSP پلس دونوں فریقوں کے لیے اقتصادی فوائد اور مشترکہ ترقی کا ذریعہ ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ نوجوانوں میں سرمایہ کاری، انسانی وسائل کی ترقی، مضبوط ادارے، قانون کی حکمرانی، شفاف طرزِ حکمرانی اور عالمی معیار کے مطابق اصلاحات ایک

## منظرنامہ

بلوچستان آبزرور

## مہنگائی اور بے روزگاری غربت میں اضافے کا سبب!

وفاقی کابینہ کے اجلاس میں

البتہ انہوں نے اچانک نان اور روٹی کی مہنگائی کا نوٹس لیا صرف نوٹس اور حکم دیا کہ ان کی پرانی قیمتیں واپس لائی جائیں۔ اب بھلا انہیں کون بتائے کہ بادشاہو اس ملک میں جب قیمت چڑھتی ہے تو وہ اترنے کیلئے نہیں ہوتی۔ ایک روز گزر گئے کیا مجال ہے جو کسی نانبائی نے اس حکم پر عمل کیا ہو۔ سو پرنالہ وہیں کا وہیں ہے۔ ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ناجائز منافع کمانے والے دونوں ہاتھوں سے عوام کو لوٹ رہے ہیں۔ مارکیٹ سے لیکر عام پرچون فروش تک غریبوں کی چمڑی اتارنے میں مصروف ہے اور حکومتی کارندے کہہ رہے ہیں کہ بڑے شاپنگ مالز اور سٹورز پر چھاپے مارے جائیں یہ مہنگائی پیدا کرتے ہیں۔ اب کون ان عقل کے اندھوں کو بتائے کہ جناب کتنے فیصد لوگ ان بڑے سٹورز کا رخ کرتے ہیں۔ 95 فیصد سے زیادہ لوگ عام دکانداروں اور پرچون فروشوں کے ہاتھوں لٹ رہے ہیں۔ منڈی' مارکیٹ اور بازار پر قدغن لگائیں۔ ان منافع خوروں پر قابو پائیں۔ سرکاری ریٹ پر عمل نہ کرنے والوں کو موقع پر قید اور جرمانہ کریں تو بات بنے گی۔ ہر چیز سرکاری ریٹ سے کئی گنا زائد قیمت پر فروخت ہو رہی ہے۔ اوپر سے ٹیکسوں کی بھرمار الگ جان کھا رہی ہیں۔ یکم اگست یعنی آج سے خطرہ ہے کہ پٹرول مزید مہنگا ہو جائیگا۔ یہی خطرہ بجلی کی قیمت میں اضافہ کی طرف سے بھی لاحق ہے۔ پنجاب پاکستان کا سب سے زرخیز خطہ ہے۔ چاول' گنا' گندم' کپاس' سبزیاں' دالیں کیا کچھ یہاں نہیں اگتا۔ اسکے باوجود عالمی اداروں کی رپورٹ کیمطابق یہاں بھی ملک کے باقی حصوں کی طرح 40 فیصد بچے غذائی قلت اور کم وزنی کا شکار ہیں۔ ابھی تک لوگ سندھ میں کم عمری میں بچوں کی اموات بیماریوں اور غذائی قلت کا رونا رو رہے تھے۔ حیرت کی بات تو یہ ہے جو ملک بیرون ملک کو اناج فروخت کرتا ہے وہاں خود فاقہ ہے۔ تو کیا یہ ملک کی ناکام معاشی پالیسی کی عکاسی نہیں۔ گودام اناج سے بھرے ہوئے ہیں مگر غریبوں کے گھر میں فاقے ڈیرے ڈالے ہوئے ہے۔

والی حالت کا نقشہ نہیں ہے۔ جب اپنے پیٹ پر لات پڑتی ہے تو کوئی رعایت نہیں کرتا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا تو اس دیہی ماحول سے تعلق ہے۔ وزیراعظم کا تعلق چلیں ایلیٹ کلاس سے ہے۔ وہ ملک کے 75 فیصد دیہی عوام کے مسائل سے لاتعلق ہوں گے مگر وزیراعلیٰ پنجاب نے کیوں اس طرف سے آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔ صرف سب اچھا ہے آوازوں پر ہی کیوں کان دھرے ہوئے ہیں۔ اس وقت معرکہ جسم و جاں کا مرحلہ درپیش ہے سرسبز و خوشحالی پنجاب کے غریب خودکشیاں کر رہے ہیں کسان اناج کو ترس رہے ہیں۔ یہ اسی سرسبز پنجاب کے بارے میں بھی ہے جہاں کے گھبرو جوان اور صحت مند تندرست بچے اس کی پہچان ہوا کرتے تھے۔ نئی حکومت کو آئے ایک سال ہو گئے۔ وزیراعظم بھی آپکی کارکردگی کے معترف ہیں تو خدارا اس غذائی بحران سے نمٹنے کی بھی راہ نکالیں۔ ناقص پانی' خوراک اور دودھ کی وجہ سے بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ مہنگائی نے اچھا کھانے کی سکت چھین لی ہے۔ اور کس کس کا شکوہ کریں پنجاب میں ہسپتالوں سے مفت ادویات اور ٹیسٹ کی سہولت بھی ختم ہو گئی۔ اب پتہ چلا ہے تفریحی مقامات پر بھی داخلہ ٹکٹ پر لاگو ہوگا اور پارکنگ فیس بھی تو یہ غریب لوگ جائیں تو جائیں کہاں

مائیکرو فنانسنگ معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے اور غربت کے خاتمے کا ذریعہ سمجھی جاتی ہے۔ مائیکرو کریڈٹ سے مراد ایسی چھوٹی رقوم جسے حاصل کرنا عام آدمی کے بس میں ہو اور اسے یہ رقم ایک خاص مدت کے لئے طے شدہ شرح سود پر دی جائے۔ قرض دینے والا کوئی شخص بھی ہو سکتا ہے، یا پھر سرکاری ادارہ، بینک یا مالیاتی ادارہ بھی۔ ماہرین معاشیات مائیکرو کریڈٹ کی درجہ بندی کرتے ہیں مثلاً روایتی چھوٹا قرضہ جیسا کہ دوستوں سے یا جان پہچان کے لوگوں سے جو قرضہ دینے کا روبار کرتا ہو۔ کسی خاص سرگرمی کی بنیاد پر مخصوص بینکوں سے قرضہ لینا جیسے زرعی قرضہ، چھوٹی گھریلو صنعت، لائیو سٹاک کریڈٹ وغیرہ۔ مخصوص بینکوں کے ذریعے دیہی قرضہ، صارفین کو دیا جانے والا قرضہ۔ مائیکرو فنانس کا آغاز 18ویں اور 19ویں صدی میں ہوا جب جوناتھن سوفٹ آئرش لون فنڈز سے متاثر ہوا اور بعد میں مائیکرو کریڈٹ کے تصور نے دوسری جنگ کے اختتام پر مارشل پلان کی بنیاد ڈالی جو کہ مغربی یورپ کی تباہ حال معیشت کی بحالی کے لئے امریکی حکومت کا ایک منصوبہ تھا۔ 1950-60ء کی دہائیوں میں خصوصی طور پر برما میں مائیکرو فنانس کو سرکاری ذرائع اور رعایتی زرعی قرضوں کے ذریعے غربت کو کم کرنے کے لئے استعمال کیا گیا۔

ترقی پزیر ممالک میں معاشی ترقی کے اصل ڈھانچے کی کمی ہے جو عموماً شہری مراکز میں پایا جاتا ہے۔ سماجی معاشی استحکام کے لئے مالیاتی سہولیات تک رسائی ضروری ہے کہ چند افراد کے پاس ہی دولت کی ریل پیل ہے جب کہ اکثریت غربت کا شکار ہے، ضروری ہے کہ غریب افراد کو مالیاتی سہولیات فراہم کی جائیں۔ مائیکرو فنانس ایک ایسی سہولت ہے جسے اس بات کی ضمانت کے ساتھ کہ غریب افراد کو بھی معاشی ترقی سے فائدہ پہنچ سکتا ہے تیزی سے ترقی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اکثر ترقی یافتہ ممالک میں معاشی ترقی کی پالیسیاں اس طرح وضع کی گئی ہیں جن میں مائیکرو فنانس کو ایک اہم جز کی حیثیت حاصل ہے۔ تجارتی بینک، منافع کی تلاش اور لوگوں کو مالیاتی سہولیات کی فراہمی کے لئے اس شعبے میں داخل ہو گئے ہیں، این جی اوز نے روایتی عطیہ دینے والوں سے آگے سوچنا شروع کر دیا ہے اور نجی سرمائے تک رسائی حاصل کر کے یا تو ایم ایف بینک کی شکل اختیار کر رہی ہیں یا پھر اپنی مالیاتی سہولیات کو استعمال کر کے اپنے بورڈ اور مینجمنٹ کی مالیاتی اور بینکنگ معلومات میں اضافہ کر رہی ہیں۔ مائیکرو فنانس غریب اور کم آمدنی والے افراد اور اداروں کو قرض، بچت، بیمہ، ادائیگیاں، لیزنگ، مائیکرو مورٹ گیج حتیٰ کہ مائیکرو فرینچائزنگ تک کی سہولیات منتخب کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ مائیکرو مورٹ گیج ایسے ملازمت پیشہ افراد کے لئے جو ذاتی گھروں سے محروم ہیں مکانات کی تعمیر کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری غربت میں اضافے کا سبب بن رہی ہے۔ معاشی نظام کے انحطاط کے عہد میں بینکنگ کی پالیسیاں اور پروگرام بھی بدل جاتے ہیں چونکہ اس وقت عالمی سطح پر سرمایہ دارانہ نظام کو زائد پیداوار کے بحران کا سامنا ہے اس لئے قرضے بھی پیداواری شعبے کی بجائے غیر پیداواری شعبے میں دیئے جانے کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے اور چھوٹے چھوٹے قرضوں سے غربت میں خاتمے کی کوشش کی جاتی ہے۔ چھوٹے قرضوں سے جہاں پیداواری عمل میں خاطر خواہ مدد نہیں ملتی وہاں شرح مارک اپ کی بلندی قرض نادہندگان کی کمر توڑ کر رکھ دیتی ہے۔ پاکستان میں ترقی کے حصول کے لئے مائیکرو فنانس پر انحصار بڑھتا جا رہا ہے۔ پاکستان کے اکثر شہروں میں بہت بڑی تعداد میں مائیکرو فنانس بینکوں کی شاخیں کھل گئی ہیں۔ لیکن ان چھوٹے قرضوں کی سہولت ابھی تک ان لوگوں تک نہیں پہنچ پا رہی جو خطِ غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ پاکستان میں سینکڑوں این جی اوز اور ڈونر ایجنسیاں قرضے فراہم کر رہی ہیں۔ سرکاری سطح پر بھی کئی طرح کی مائیکرو فنانس سکیموں کا آغاز کیا گیا لیکن یہ سکیمیں ناکام رہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کی کل آبادی اس وقت 22 کروڑ ہے جس میں سے 50 فیصد سے زائد غربت کی سطح سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ پالیسی میں شامل کرنے کا ایک اور سبب یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ مائیکرو فنانس فنڈز کی فراہمی اور اثاثے حاصل کرنے میں مدد کے ذریعے خواتین کو اختیارات دلا سکتی ہے۔ مائیکرو فنانس کا یہ پہلو خواتین کی ترقی اور سرگرمیوں کی روایتی و سماجی حدود کے نظریئے کو ختم کرنا ہے۔ پاکستان میں جو قرضے این جی اوز کی طرف سے عورتوں کو دئے جاتے ہیں وہ عموماً ہوم بیسڈ ورکرز ہوتی ہیں این جی اوز نے زیادہ قرضوں کا رخ خواتین کی طرف رکھا اور اس کے کچھ مثبت نتائج سامنے نہیں آئے۔ کچھ این جی اوز تو مخصوص ہنر کے تحت دستکاری کی چیزیں بنانے کے لئے قرضہ دیتی ہیں اور ان کی شرط ہوتی ہے کہ وہ اپنا تیار شدہ مال انہی کو فروخت کریں۔ ان کا مال اونے پونے اٹھا کر ایکسپورٹ کر کے بہت مال بنایا جا رہا ہے۔ ان این جی اوز نے چھوٹے قرضوں کی سکیمیں چلا کر اپنے اداروں کو مالیاتی طور پر مضبوط کیا ہے۔ جب کہ وہ اپنی کارکردگی رپورٹوں میں ظاہر کر رہی ہیں کہ ان کے قرضہ جات نے عورتوں کی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ ان مائیکرو فنانس قرضوں سے پاکستان میں غربت کی شرح میں کمی واقع نہیں ہوئی بلکہ ملک میں غربت اور مہنگائی کی شرح میں مزید اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ پاکستان میں غربت کے خاتمے کے لئے معاشی نظام میں بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے تا کہ معاشی وسائل کے مکمل مجموعے کو بروئے کار لایا جا سکے اور طویل عرصے تک معاشی ترقی حاصل کی جا سکے۔

### پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود اس وقت شدید اقتصادی مسائل کا شکار ہے

پاکستان کی معیشت کا جائزہ لیا جائے تو قیام پاکستان سے لیکر اب تک ہماری معیشت زیادہ تر مسائل کا شکار رہی ہے، اس کی بنیادی وجہ حکومتوں کی جانب سے موثر اقتصادی منصوبہ بندی کا فقدان ہے ، پاکستان میں ہمیشہ مناسب منصوبہ بندی کے بغیر پراجیکٹس شروع کیے گئے جو یا تو وقتی ضرورت پوری کرنے یا مسئلے کے عارضی حل کے لئے بنائے گئے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود اس وقت شدید اقتصادی مسائل کا شکار ہے اور موجودہ نگران حکومت اقتصادی مسائل کو حل کرنے کے لئے آئی ایم ایف سے دوبارہ قرضہ لینے پر غور کر رہی ہے۔ منصوبہ بندی کے بغیر شروع کیے جانے والے پراجیکٹس سے پوری طرح سے استفادہ حاصل نہیں کیا جا سکتا جس کی واضح مسائل بجلی کی قلت پوری کرنے کے لئے لگائے جانے والے پراجیکٹس ہیں انہیں لگانے کے لئے پوری توانائیاں صرف کی گئیں لیکن بجلی کے ترسیلی نظام کو ساتھ ساتھ اپ گریڈ کرنے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ملک میں بجلی وافر ہونے کے باوجود ہمیں اس وقت لوڈ شیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت نے مناسب منصوبہ بندی کیے بغیر بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے کوششیں کیں لیکن سرمایہ کار دوست ماحول فراہم کرنے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا گیا جس کا ذکر ورلڈ بینک نے اپنی 2018ء کی رپورٹ میں بھی کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایز آف ڈوئنگ بزنس کے حوالے سے پاکستان کا نمبر 147واں ہے جبکہ بھارت کا نمبر 100 ہے۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ کے بعد حکومت کی آنکھیں کھلیں اور ایز آف ڈوئنگ بزنس کی صورتحال بہتر بنانے کے لئے اقدام شروع کیے ،ایز آف ڈوئنگ بزنس کو بہتر بنانا اچھا اقدام ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ملک کے صنعتی سیکٹر کو اپ گریڈ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان روایتی مینوفیکچرنگ کی بجائے ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی پیداوار پر توجہ دے اور ان کی برآمدات بڑھانے کے لئے منصوبہ بندی کرے۔ تھنک ٹینک انسٹی ٹیوٹ فار پالیسی ریفارمز نے بھی اسے پاکستان کی معیشت کی بہتری کیلئے ضروری قرار دیا ہے تھنک ٹینک انسٹی ٹیوٹ فار پالیسی ریفارمز کے مطابق پائیدار معیشت اس وقت تک ممکن نہیں ہو سکتی ہے جب تک اس کی برآمدات میں ویلیو ایڈڈ اشیاء زیادہ سے زیادہ مقدار میں شامل نہیں کی جاتیں لہذا اس مقصد کیلئے پاکستان کو چاہیے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی پر زیادہ توجہ دے۔ پاکستان کی برآمدات میں سب سے اہم برآمد ٹیکسٹائل کی ہے جو کہ پاکستانی برآمدات کا ساٹھ فیصد ہے جبکہ عالمی برآمدات میں یہ حصہ صرف چھ فیصد بنتا ہے مجموعی طور پر صنعتی طریقے سے تیار کی گئی اشیاء عالمی تجارت کا 67 فیصد ہیں جبکہ پاکستان کا عالمی تجارت میں حصہ انتہائی محدود ہے اس کی بڑی وجہ ویلیو ایڈڈ اشیاء کا نہ بنانا اور نہ ہی برآمد کرنا ہے یہی وجہ ہے کہ ہماری برآمدات میں اضافہ نہیں ہو پا رہا۔ اس کے علاوہ پاکستان کی معیشت میں کوئی جدت بھی نہیں ہے اور نہ ہی ہمارا صنعتی سیکٹر جدید طریقے سے آگے بڑھ رہا ہے۔ پاکستان کی جی ڈی پی میں مینوفیکچرنگ کا حصہ چودہ فیصد سے بھی کم ہے جبکہ مشرقی ایشیاء کی معیشتوں میں یہ جی ڈی پی کا 37 سے 43 فیصد تک ہے۔ مینوفیکچرنگ بھارت کی جی ڈی پی کا تیس فیصد ہے جبکہ بنگلہ دیش کی جی ڈی پی کا اٹھائیس فیصد ہے۔ مینوفیکچرنگ اور معیشت کی گروتھ کیلئے ضروری ہے کہ ایس این ٹی پالیسی معیشت کے تمام پہلوؤں پر لاگو کی جائے نیز اس کو موثر بنانے کی بھی ضرورت ہے اس کے علاوہ حکومتی سطح پر اسے اولین ترجیح دی جائے۔ اس وقت پاکستان کی تعلیمی حالت انتہائی کمزور ہے لہذا اس وقت ملک کے اندر نیشنل ایجوکیشن ایمرجنسی کا اعلان کیا جائے اور اس پر جنگی طریقوں سے عمل کیا جائے۔ اس کے علاوہ صنعتی ترقی کیلئے اعلیٰ قسم کے علم کا ہونا انتہائی ضروری ہے

☆☆☆☆

☆☆

### بقیہ 1

تعاون اور مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ کینیڈین وزیرِ خارجہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلسل کوششوں اور قربانیوں کو سراہا۔ انیتا آنند نے امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کی تعریف کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور دفاع وسلامتی کے شعبوں میں تعاون اور روابط کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

### بقیہ 2

ہدایات پہلے ہی جاری کی جا چکی ہیں۔ ان کے مطابق یہ ہدایت وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل ڈینیل کین اور امریکی فوج کی پوری قیادت کو دی جا چکی ہے۔ ایک اور بیان میں اسرائیلی وزیراعظم کے حوالے سے ٹرمپ نے کہا کہ بنیامین نیتن یاہو کو امریکا آمد پر کسی بھی صورت میں گرفتار نہیں ہونے دیں گے۔ نیتن یاہو ایران کے خلاف جنگ لڑ رہے ہیں، جس نے حالیہ عرصے میں 52 ہزار بے گناہ مظاہرین کو قتل کیا اور گزشتہ 47 برسوں سے امریکی فوجیوں اور دیگر افراد کو قتل کرتا آ رہا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ گرفتار تو ان لوگوں کو ہونا چاہیے جنہوں نے ایران کو موت اور تباہی کے اس بے مثال بھنور میں دھکیلا، اس مسئلے سے کئی سال پہلے ہی نمٹ لینا چاہیے تھا، لیکن سابق امریکی صدور ایسا نہیں کر سکے۔

### بقیہ 3

تنصیبات کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا گیا۔ بحرین کی سلمان بندرگاہ پر امریکی ٹاسک فورس 59 کے جہازوں کی تیاری اور معاونت کیلئے استعمال ہونے والی تنصیبات کو بھی نشانہ بنایا گیا، حملے میں یہ تنصیبات تباہ ہوگئیں اور وہاں موجود جہازوں کو بھی بھاری نقصان پہنچا۔ پاسداران انقلاب کے مطابق کویت کی عارف جان بیس پر بھی امریکی بحریہ کیلئے معاونت، رسد اور ساز وسامان سے متعلق تنصیبات کو نشانہ بنا کر مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔ بیان میں امریکی صدر کے حالیہ بیانات کو بھی مسترد کیا گیا، جن میں کہا گیا تھا کہ ایران کے میزائل اور ڈرون ذخائر کم ہوتے جا رہے ہیں۔ پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ ایران اب بھی نمایاں فوجی صلاحیت رکھتا ہے اور اگر تنازع جاری رہا تو امریکا کے خلاف میزائل اور ڈرون حملے جاری رہیں گے۔ دوسری جانب کویتی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ فضائی دفاع اس وقت ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں سے نمٹنے میں مصروف ہے۔

### بقیہ 4

معدنی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون سے ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات پیدا کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اس امید کا اظہار کیا کہ برطانیہ اور بلوچستان کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون مزید مضبوط ہوگا، جس سے عوامی فلاح اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں مدد ملے گی برطانوی ہائی کمشنر محترمہ جین میریٹ نے بلوچستان میں جاری ترقیاتی اقدامات، اصلاحاتی پروگراموں اور عوامی خدمت کیلئے حکومت کی کوششوں کو سراہتے ہوئے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

### بقیہ 5

کیلئے وزیراعظم یا وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری درکار نہیں ہوگی جبکہ اوگرا بغیر وزیراعظم یا حکومت کی منظوری کے قیمتوں کا اعلان کرے گا۔ اوگرا کے مطابق ہفتہ اور اتوار کو گزشتہ اعلان کردہ قیمتیں برقرار رہیں گی جبکہ یکم جولائی 2026 سے روزانہ پلاٹس ریفرنس قیمتیں بھی ویب سائٹ پر جاری کرے گا۔ پیٹرولیم لیوی کی کابینہ کی مقررہ حد سے زیادہ عائد نہیں کی جا سکے گی جبکہ پیٹرولیم لیوی کی شرح فنانس ڈویژن کی منظوری سے ہی تبدیل ہوگی۔ مالی سال 2027 میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی درآمد صرف پی ایس او کے ذریعے ہوگی جبکہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو مارکیٹ شیئر کے مطابق پیٹرول درآمد کی اجازت ہوگی، درآمدی بائی اپ لفٹمنٹ میں ڈیفالٹ پر 9 ماہ تک نئی درآمدی اجازت نہیں ملے گی۔ اسی طرح، مٹی کا تیل اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمتیں بھی روزانہ مقرر کی جائیں گی۔ وفاقی کابینہ نے اوگرا کو ہدایات جاری کی ہیں کہ نئے پرائسنگ میکانزم پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

### بقیہ 6

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے مابین دوستانہ تعلقات قائم ہیں جنہیں خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری، زراعت اور ویکسین کی تیاری، قابل تجدید توانائی، آٹو موبائل اور آٹو پارٹس کی صنعت کے شعبوں میں مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کے دورے پر موجود کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ خوشگوار ماحول میں ہونے والی اس ملاقات کے دوران وزیراعظم نے کینیڈین وزیر خارجہ کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ دونوں ممالک کے مابین دوستانہ تعلقات قائم ہیں جنہیں خاص طور پر تجارت، سرمایہ کاری، زراعت بشمول ایگری فوڈز اور ویکسین کی تیاری، قابل تجدید توانائی، آٹو موبائل اور آٹو پارٹس کی صنعت کے شعبوں میں مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی کیلئے اپنے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور کہا کہ وہ ان سے جلد ملاقات کے منتظر ہیں

### بقیہ 7

نے ایران امریکا کشیدگی میں کمی کیلئے بھی تجویز پیش کی ہے۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ جنگ بندی کا مقصد مفاہمتی یادداشت کو بحال کرنے کے طریقے تلاش کرنا ہے، جنگ بندی تجویز میں آبنائے ہرمز کو 10 دنوں سے دو ہفتوں کیلئے کھولنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ایران کا کہنا تھا کہ حالیہ کشیدگی کے دوران بھی امریکا کے ساتھ ثالثوں کے ذریعے سفارتی رابطے فعال رہے ہیں، ثالثوں کے ذریعے تجاویز ہم تک پہنچائی گئی ہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران، اپنے قومی مفادات کی بنیاد پر جنگ اور سفارت کاری دونوں کا راستہ اختیار کرتا ہے، سفارت کاری ایک ایسا ذریعہ ہے جس کے ذریعے قومی مفادات اسی طرح حاصل کرتے ہیں جیسے جنگ کے ذریعے کرتے ہیں

### بقیہ 8

کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے پاکستان اور کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا اور علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ترجیحی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا اور متفقہ مشترکہ اعلامیے پر عمل درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے سالانہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔

### بقیہ 9

محمد شہباز شریف سے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی جس میں ملک بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت منصوبوں کی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو جاری ترقیاتی منصوبوں، ان پر ہونے والی پیش رفت اور مستقبل کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ قومی اہمیت کے تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور پائیدار معاشی ترقی کے حصول کیلئے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ تمام متعلقہ وزارتیں اور ادارے باہمی تعاون اور مؤثر رابطے کے ذریعے منصوبوں پر عمل درآمد کی رفتار مزید تیز کریں تاکہ عوام کو جلد از جلد ان کے ثمرات پہنچ سکیں۔

### بقیہ 10

موقع پر موجود تھے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان آمد پر اپنے بھائی کو خوش آمدید کہتا ہوں، امید ہے کہ ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی اچھی خبر لے کر آئے ہوں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ آپ کے دورہ پاکستان سے دوطرفہ تعلقات کو فروغ ملے گا جبکہ علاقائی صورتحال پر بھی پیش رفت کی امید ہے۔ ایرانی وزیر داخلہ کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا وفد میں گورنر جنرل سیستان بلوچستان، نائب وزیر داخلہ، نائب وزیر اربن ڈویلپمنٹ ٹرانسپورٹ، نیشنل ایرانی آئل کمپنی کے سربراہ، وزیر زراعت کے خصوصی نمائندے اور دیگر اعلیٰ حکام شامل ہیں۔ ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے پاکستان آمد پر کہا کہ اپنے بھائی محسن نقوی سے دوبارہ ملاقات کر کے بہت خوشی ہوئی ہے

### بقیہ 11

مسافروں اور مال برداری کیلئے سب سے کم لاگت اور مؤثر ذریعہ نقل وحمل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید اور مؤثر ریلوے نظام ملکی معیشت، تجارت اور علاقائی روابط کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلویز کے بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری کا پاکستان کے علاقائی تجارت اور لاجسٹکس ہب کے طور پر کردار میں کلیدی کردار ہوگا۔ وزیراعظم نے ریلوے کے ترقیاتی منصوبوں کو اعلیٰ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے مین ریلوے لائن ون کے روہڑی-ملتان سیکشن کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو ایم ایل-1 اور ایم ایل-3 اپ گریڈیشن، تھرکول ریلوے کنیکٹیویٹی اور دیگر منصوبوں کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ ایم ایل-1 کی کراچی-روہڑی سیکشن کیلئے تفصیلی انجینئرنگ ڈیزائن مکمل کر لی گئی ہے، ایم ایل 3 روہڑی-نوکنڈی کی اپ گریڈیشن پی ایس ڈی پی اور برج فنانسنگ تحت کی جائے گی۔

### بقیہ 12

جیمز فیہان اور 19 سالہ ازابیلا گونزالز (پرائیویٹ) شامل ہیں۔ یہ دونوں اہلکار اردن میں داعش کے خلاف ایک امریکی مشن کا حصہ تھے۔ دوسری جانب امریکی سینٹرل کمانڈ نے بتایا تھا کہ یہ دونوں سروس ممبران اردن میں ایرانی بیلسٹک میزائلوں اور ڈرون حملوں کا نشانہ بنے۔ امریکی فوج کے مطابق ایران کے ساتھ شروع ہونے والی اس جنگ میں اب تک ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد 17 ہوگئی۔

### بقیہ 13

گئے مقبوضہ مغربی کنارے کے ایک گاؤں پر حملہ کیا۔ فوج نے کہا کہ فلسطینیوں کی جانب سے پتھراؤ کے بعد فوجیوں نے فائرنگ کی۔ رام اللہ میں قائم وزارت نے ان دونوں کی شناخت 53 سالہ عود عبدالرحیم عود اور 26 سالہ احمد عادل رشید کے طور پر کی ہے۔ ایک الگ بیان میں فلسطین ہلالِ احمر سوسائٹی نے کہا کہ اس کی ٹیموں نے قصبے میں آبادکاروں کے حملے میں زخمی ہونے والے ایک دوسرے شخص کو باہر نکالا۔ اسرائیلی فوج نے بتایا کہ فوجیوں کو دیر جریر روانہ کر دیا گیا تاکہ اسرائیلی آبادکاروں کی حفاظت اور انخلا کیا جا سکے جو مویشیوں کی بازیابی کیلئے علاقے میں داخل ہوئے تھے۔

### بقیہ 14

کی شمولیت کو یقینی بنانا اشد ضروری ہے تاکہ ہر نوجوان پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں فعال شراکت دار بنے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ اور صوبائی امیر اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ روشن مستقبل کی تعمیر کو یقینی بنانے کی خاطر پہلی شرط ہمارے نوجوانوں کے اصل کردار کو پہچاننا ہے۔ ہماری کل آبادی کا سب سے بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے جن کی توانائی اور تخلیقی صلاحیتیں ہماری سب سے بڑی طاقت کی نمائندگی کرتی ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ آج حالات کا تقاضا ہے کہ ہم ہر قسم کے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو ملک وقوم کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ملکر کام کریں

### بقیہ 15

فرون، صریفہ اور زوطر الغربیہ میں پائلٹ زونز کیلئے اقدامات 3 فریقی فریم ورک اور ملٹری کوآرڈینیشن گروپ برائے لبنان کی نگرانی میں کیے جا رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان حالیہ مذاکرات کا عملی نتیجہ ہے، جس کا مقصد سرحدی علاقوں میں کشیدگی کم کرنا، اسرائیلی فوج کے مرحلہ وار انخلا اور لبنانی فوج کی تعیناتی کو ممکن بنانا ہے۔ امریکی حکام نے بتایا کہ یہ پیش رفت گزشتہ ہفتے اٹلی کے دارالحکومت روم میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان ہونے والے مذاکرات کا براہِ راست نتیجہ ہیں۔ دونوں ممالک نے امریکی ثالثی میں ایک ایسے فریم ورک پر اتفاق کیا تھا جس کے تحت جنوبی لبنان میں مخصوص علاقوں کو آزمائشی بنیادوں پر فوجی انتظام کے نئے ماڈل کے تحت چلایا جائے گا۔ اس منصوبے کے تحت لبنان کے ان علاقوں میں موجود اسرائیلی فوج مرحلہ وار انخلا کرے گی۔ جن کی جگہ لبنانی فوج سکیورٹی کی ذمہ داریاں سنبھال لیں گی۔ علاوہ ازیں غیر ریاستی مسلح گروہوں بالخصوص حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کیلئے ان سے تمام ہتھیار واپس لے لیے جائیں گے۔ امریکا کہ ماڈل اگر کامیاب رہا تو اسے جنوبی لبنان کے دیگر علاقوں تک بھی توسیع دی جائے گی

### بقیہ 16

بھر کے 18 سے زائد سٹیشنز سے 4 ہزار سے زائد طلبہ شریک ہوئے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے بلوچستان کی موجودہ صورتحال، دہشت گردی کے چیلنجز اور نوجوانوں کے کردار و ذمہ داریوں پر اظہارِ خیال کیا۔ فتنہ الہندوستان اور ان کی پراکسی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ان تنظیموں کو بھارتی خفیہ ایجنسی را کی پشت پناہی حاصل ہے، افغانستان نے متعدد تنبیہات اور دوحہ معاہدے کے باوجود دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائی نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنا ہے جبکہ قومی اتحاد، یکجہتی، باہمی اعتماد اور نوجوانوں کی مثبت سوچ ہی مضبوط اور پرامن ملک کی ضمانت ہے۔ خصوصی نشست کے دوران طلبا نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے دہشت گردی، سرمایہ کاری، سمگلنگ، سوشل میڈیا اور دیگر امور پر سوالات کئے، طلبہ نے خصوصی نشست پر کہا کہ ہمیں بلوچستان سے متعلق مختلف سوالات کے حقائق پر مبنی مدلل جوابات ملے۔ آئی ایس پی آر سمر کیمپ کے شرکا نے ایسے مکالموں کو قومی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ضروری قرار دیا، سمر کیمپ نوجوانوں میں قومی شعور، مثبت اقدار اور صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے ایک اہم ترین پیشرفت ہے۔

### بقیہ 17

نے سفیر کو ہدایت کی کہ دونوں ممالک کے درمیان تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دیا جائے، اقتصادی وسرمایہ کاری کے روابط کو مزید وسعت دی جائے اور متحدہ عرب امارات میں مقیم بڑی پاکستانی برادری کی فلاح و بہبود کیلئے باہمی تعاون کو مزید موثر بنایا جائے۔

### بقیہ 18

ہے، عملے کے تمام ارکان کو ایک بوٹ کے ذریعے بحفاظت نکال لیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ٹینکر گزشتہ کئی ماہ سے سعودی عرب کے ساحلی علاقے کے قریب سمندر میں لنگر انداز تھا۔ بعدازاں یہ 2 جولائی کو آبنائے ہرمز سے نکلتا ہوا دکھائی دیا، تاہم اس دوران اس کا آٹومیٹک آئیڈینٹیفکیشن سسٹم بند ہوگیا تھا، جس کے باعث اس کی نقل وحرکت کی مکمل نگرانی ممکن نہ ہوسکی۔

### بقیہ 19

جماعتوں سے مالی گوشواروں کی تفصیلات مانگ لیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تمام سیاسی جماعتیں 29 اگست تک مالی گوشوارے جمع کروائیں، مالی سال 2025-26 کے اکاؤنٹس فارم-ڈی پر جمع ہوں گے۔ جاری بیان میں ای سی پی نے واضح کیا ہے کہ سیاسی جماعتیں گوشواروں کے ساتھ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کی آڈٹ رپورٹ لازمی جمع کرائیں، جبکہ پارٹی سربراہ ممنوعہ فنڈنگ نہ ملنے کا سرٹیفکیٹ دیں گے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق فارم-ڈی میں اوور رائٹنگ قابل قبول نہیں ہوگی، سیاسی جماعتوں کو یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 تک کی بینک سٹیٹمنٹس بھی گوشواروں کے ساتھ جمع کرانا ہوں گی

### بقیہ 20

برساتی نالوں میں سیلابی صورت حال پیدا ہوگئی، باجاگل گھڑی، پلوسی خواڑ، ریگی کے برساتی نالے میں پانی کا بہاؤ بڑھ گیا۔ خراب موسمی صورتحال کے باعث پیش آنے والے حادثات میں 5 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ رستم کے علاقے عرفان نگر میں آسمانی بجلی گرنے سے گھر کے ایک کمرے کی چھت منہدم ہوگئی، جس کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر دو کمسن بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ ماں اور ایک بیٹی شدید زخمی ہوگئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں 2 سالہ محمد حسین اور 1 سالہ زنیرہ شامل ہیں۔ زخمیوں میں محمد طاہر کی اہلیہ اور ان کی 14 سالہ بیٹی شامل ہیں، جنہیں فوری طور پر ایم ایم سی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ Wildlife لنڈی کوتل کے علاقے گورگوری میں سیلابی ریلے میں ایک موٹر کار اور ایک وین بہہ گئیں، ڈوبنے والے تین افراد کی لاشیں نکال لی گئیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق چترال، دیر بالا و زیریں، سوات، شانگلہ، بونیر، مالاکنڈ اور کوہستان کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ مزید بارش کا امکان ہے۔ اسی طرح بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد، باجوڑ، مہمند، مردان، صوابی، نوشہرہ، چارسدہ، پشاور، کوہاٹ، کرک، ہنگو، لکی مروت اور بنوں میں بھی کہیں کہیں بارش متوقع ہے

### بقیہ 21

افیئرز کی ذیلی کمیٹی نے واپڈا منصوبوں میں تاخیر پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داروں کے تعین اور مالی بوجھ کی تفصیلات طلب کر لیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اکنامک افیئرز کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس، سینیٹر سید وقار مہدی کی زیرصدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں واپڈا کے زیرانتظام مختلف آبی بجلی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی کو آگاہ کیا گیا کہ گزشتہ اجلاس میں پنجاب اور بلوچستان کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا تھا جبکہ موجودہ اجلاس میں سندھ اور خیبرپختونخوا کے منصوبوں پر غور کیا گیا۔ آبی وسائل ڈویژن اور واپڈا کے حکام نے داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (اسٹیج-I) پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبے کی مالی معاونت ورلڈ بینک، غیر ملکی و مقامی کمرشل قرضوں اور واپڈا کی ایکویٹی سے کی جا رہی ہے۔ حکام کے مطابق منصوبے میں تاخیر کی وجوہات میں 2015 سے 2019 تک اراضی کے حصول کے مسائل، 2020 سے 2021 کے دوران کورونا وبا، 2022 سے 2024 تک سکیورٹی سے متعلق واقعات اور بعدازاں ڈیزائن میں متعدد تبدیلیاں شامل ہیں۔ کنوینر کمیٹی سینیٹر سید وقار مہدی نے منصوبے میں طویل تاخیر پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کو متعدد بار خطوط ارسال کیے گئے، تاہم پانچ سال تک منصوبہ تعطل کا شکار رہا، جس کے باعث اس کی لاگت میں نمایاں اضافہ ہوا اور قومی خزانے پر بھاری مالی بوجھ پڑا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کو شروع ہوئے بارہ برس گزر چکے ہیں، مگر اس کی تکمیل کا حتمی وقت اب بھی واضح نہیں۔ مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ پر بریفنگ دیتے ہوئے حکام نے بتایا کہ منصوبے کا تقریباً 54 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اراضی کے حصول میں تاخیر اور ڈیم کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ڈیزائن میں متعدد تبدیلیوں کے باعث منصوبہ تاخیر کا شکار ہوا، جبکہ اس کی تکمیل جون 2028 میں متوقع ہے۔ کنوینر کمیٹی نے استفسار کیا کہ جب منصوبے کیلئے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کی گئی تھیں تو پھر بار بار ڈیزائن میں تبدیلیاں کیوں کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی تبدیلیوں سے نہ صرف منصوبوں میں تاخیر ہوتی ہے بلکہ حکومتی وسائل پر اضافی مالی بوجھ بھی پڑتا ہے۔ تربیلا ففتھ ایکسٹینشن ہائیڈرو پاور پراجیکٹ پر بریفنگ کے دوران حکام نے بتایا کہ منصوبے کا تقریباً 65 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے میں تاخیر کی وجوہات میں ورلڈ بینک کی جانب سے کنسلٹنسی پروکیورمنٹ کی منسوخی، نئی پروکیورمنٹ کا عمل اور ٹنل نمبر 5 کیلئے ارسا (IRSA) سے این او سی کے اجرا میں تاخیر شامل ہیں۔

### بقیہ 22

میں ایرانی فوجی افسر مہداد پاشائے شہید ہوگئے، حملے کی مزید تفصیلات یا نقصان کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ دوسری جانب امریکی فوج نے ایرانی شہر شیراز پر حملہ کیا، حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

### بقیہ 23

مزید کشیدگی بڑھ گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق حوثیوں کے فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے کہا کہ سعودی عرب نے صنعاء کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حملہ کر کے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ صنعا ایئرپورٹ پر حملے کے جواب میں سعودی عرب کے خلاف سمندری پابندیاں فوری طور پر نافذ کی جا رہی ہے جو آنکھ کے بدلے آنکھ کی اصول پر مبنی ہے۔ حوثی فوج کے ترجمان نے خبردار کیا کہ صنعا ایئرپورٹ کی ناکہ بندی برداشت نہیں کریں گے۔ اب محاصرے کا جواب محاصرے سے اور جارحیت کا جواب مزید جارحیت سے دیا جائے گا۔ یحییٰ سریع نے کہا کہ صنعا ایئرپورٹ کی مسلسل بندش اور وہاں انسانی امداد، مریضوں اور مسافروں کی آمدورفت میں رکاوٹ ناقابل قبول ہے، اگر سعودی عرب نے اپنی کارروائیاں جاری رکھیں تو حوثی بھی ہر سطح پر جواب دیں گے

### بقیہ 24

الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ترجیحی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا اور متفقہ مشترکہ اعلامیے پر عمل درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے سالانہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔ بعدازاں وزارت خارجہ میں کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دیرینہ اور ہمہ جہت تعلقات موجود ہیں جن کی بنیاد تاریخی روابط، عوامی سطح پر مضبوط تعلقات اور کینیڈا میں مقیم متحرک پاکستانی کمیونٹی پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے اس دورے سے پیدا ہونے والی مثبت پیش رفت کو برقرار رکھنے، ادارہ جاتی تعاون بڑھانے، باقاعدہ دوطرفہ مشاورت اور متعلقہ وزارتوں و اداروں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اقتصادی تعاون دوطرفہ تعلقات کا بنیادی ستون ہے۔ اس ضمن میں تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے، کاروباری اداروں کے درمیان روابط کو فروغ دینے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔

### بقیہ 25

سامان اور کنڈکٹرز چوری کر رہے ہیں جس کی وجہ سے متعلقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں تعطل پیدا ہونے کے علاوہ کیسکو کو مالی طور پر بھی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اسی طرح 18 جولائی اور 19 جولائی کی درمیانی شب کو ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم چوروں نے کیسکو ڈیرہ مراد جمالی سب ڈویژن کے 11kv ربیع کینال فیڈر سے تقریباً 1250 میٹر کنڈکٹر، 2 عدد کراس، 7 عدد انسولیٹرز Insulators اور دیگر برقی آلات چوری کر لئے جس کے نتیجے میں 11kv ربیع کینال فیڈر سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے

### بقیہ 26

جنگ بندی کے دعوے کر کے نیا فوجی ساز وسامان خطے میں پہنچاتا ہے۔ ایک بیان میں باقر قالیباف نے کہا کہ امریکی سمجھتے ہیں کہ ایرانیوں کی ذہانت بھی امریکیوں کی آئی کیو لیول جتنی چھوٹی ہے، جبکہ ایرانی اب امریکی کھیل کو سمجھنے میں مہارت کے درجے پر پہنچ چکے ہیں۔ باقر قالیباف نے کہا کہ زبانی دعوے تب ہی صحیح مانے جائیں گے جب ان کی عملی اقدامات سے تصدیق ہو

### بقیہ 27

کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ صوبے میں پاکستان پیپلز پارٹی کو یونین کونسل کی سطح پر فعال ومنظم بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی پاکستان کے عوام کی سب سے بڑی سیاسی و جمہوری جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، صدر مملکت آصف علی زرداری اور آصفہ بھٹو بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے

### بقیہ 28

کھولے ہیں تو یہ انڈس واٹر ٹریٹی کی روح اور دونوں ممالک کے درمیان قائم آبی اعتماد کے نظام کی سنگین خلاف ورزی ہے ایسے اقدامات نہ صرف لاکھوں شہریوں، زرعی اراضی اور قومی انفراسٹرکچر کو خطرات سے دوچار کرتے ہیں بلکہ پورے خطے کے امن واستحکام پر بھی منفی اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں شدید بارشوں کے باعث دریائے چناب میں پانی کے بہاؤ میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جبکہ اطلاعات کے مطابق سلال ڈیم سے بڑی مقدار میں پانی چھوڑا گیا ہے، جس کے باعث پاکستان کے بالائی علاقوں خصوصاً ہیڈ مرالہ کے اطراف سیلابی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ ایسے حالات میں بروقت معلومات کی فراہمی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے ناگزیر ہوتی ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ انڈس واٹر ٹریٹی صرف پانی کی تقسیم کا معاہدہ نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد، شفافیت اور بروقت معلومات کے تبادلے کا بھی ایک اہم فریم ورک ہے۔ اگر اس کے تقاضوں کو نظرانداز کیا جائے تو یہ بین الاقوامی ذمہ داریوں سے انحراف کے مترادف ہوگا۔ انہوں نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا کہ اس معاملے کو فوری طور پر انڈس واٹر کمیشن کے سامنے اٹھایا جائے، بھارت سے باضابطہ وضاحت اور احتجاج ریکارڈ کرایا جائے، اور ضرورت پڑنے پر معاہدے کے تحت دستیاب قانونی، سفارتی اور بین الاقوامی فورمز سے رجوع کیا جائے تاکہ پاکستان کے آبی حقوق کا ہر سطح پر مؤثر دفاع کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ پاکستان آبی سلامتی کو قومی سلامتی کا بنیادی ستون قرار دے۔ جدید فلڈ وارننگ سسٹمز، ریئل ٹائم دریا مانیٹرنگ، آبی ذخائر میں اضافہ، نئے ڈیموں کی تعمیر، حفاظتی پشتوں کی مضبوطی اور جدید ہائیڈرولوجیکل ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری قومی ترجیح ہونی چاہیے تاکہ مستقبل میں کسی بھی غیر ذمہ دارانہ اقدام کے اثرات کو کم سے کم کیا جا سکے

### بقیہ 29

میں درجنوں امریکی فوجی زخمی، پینٹاگون پر نقصانات چھپانے کا الزام عائد کر دیا۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا کہ اردن میں امریکی فوجی تنصیبات پر ایرانی حملوں کے نتیجے میں درجنوں امریکی فوجی زخمی ہوئے جبکہ متعدد ہیلی کاپٹروں کو بھی نقصان پہنچا، تاہم پینٹاگون نے ان حملوں میں ہونے والے جانی و مالی نقصان کی تفصیلات عوام سے پوشیدہ رکھیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ یہ تین حملے اس واقعے سے قبل ہوئے تھے جس میں جمعہ کے روز دو امریکی فوجی ہلاک جبکہ ایک لاپتا ہوگیا تھا۔ اخبار نے کہا کہ 28 فروری سے ایران، امریکا اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں اضافے کے بعد اب تک 17 امریکی فوجی ہلاک اور 400 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب پینٹاگون نے ان دعوؤں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوجیوں کی ہلاکتوں یا زخمیوں کی تعداد ہرگز نہیں چھپائی گئی، اور ایسے دعوؤں کا مقصد امریکی عوام میں مزید تشویش پھیلانا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ امریکا نے یورپ میں تعینات اپنے ایف-16 اور جدید اسٹیلتھ ایف-35 جنگی طیاروں کو مشرق وسطیٰ منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جسے ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائیوں میں اضافے کا اشارہ قرار دیا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں امریکی حکام کا کہنا تھا کہ جرمنی سے ایف-16 اور برطانیہ سے ایف-35 طیاروں کی دوبارہ تعیناتی کا حکم جمعہ کو اردن میں امریکی ایئربیس پر حملے سے قبل ہی جاری کر دیا گیا تھا۔

### بقیہ 30

منیجر بیسٹ ویسٹرن پریمیئر ہوٹل راشد رؤف بندی، ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر طارق جدون، راولپنڈی چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کے وفد، سابق بین الاقوامی فٹبالر مبشر سنجرانی، فلسطین کے سفیر، مختلف ممالک کے سفارت کاروں، نوجوان رہنماؤں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی مثبت کردار سازی، قومی یکجہتی، نظم وضبط اور صحت مند معاشرے کے قیام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور ان کی استعداد کو اجاگر کرنے کیلئے جدید سہولیات، معیاری تربیت اور مساوی مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان میں فٹبال کا گڑھ ہے جہاں قدرتی صلاحیتوں سے مالا مال کھلاڑی موجود ہیں۔ صوبے کے نوجوان محدود وسائل کے باوجود قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں۔ اگر بلوچستان میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے، فٹبال اکیڈمیوں، تربیتی مراکز اور گراس روٹ مقابلوں پر خصوصی توجہ دی جائے تو یہ خطہ پاکستان میں فٹبال کی ترقی کا سب سے بڑا مرکز بن سکتا ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے ہیں، انہیں منفی رجحانات سے دور رکھتے ہیں اور قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ انہوں نے تقریب کے منتظمین کو سراہتے ہوئے کہا کہ کھیل مختلف ممالک، ثقافتوں اور طبقات کے درمیان روابط اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔

### بقیہ 31

گئے۔ ترجمان کے مطابق سیریس کرائم انوسٹی گیشن ٹیم نے تکنیکی تجزیے، انٹیلی جنس معلومات اور مسلسل نگرانی کے ذریعے ملزمان کا ہزار گنجی کے علاقے تک پیچھا کیا گیا۔ مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے آپریشن ٹیم نے چھاپہ مار کر دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دورانِ تفتیش ملزمان نے تفتیشی ٹیم کو قمبرانی روڈ پر واقع اپنے زیرِ تعمیر مکان کی نشاندہی کی۔ جہاں سے مزید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ کرائم برانچ کوئٹہ میں زیرِ تفتیش ہے اور ملزمان سے مزید پوچھ گچھ جاری ہے۔

### بقیہ 32

نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کو سرمایہ کاری، تجارت، صنعت اور لاجسٹکس کا علاقائی مرکز بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، جبکہ گوادر پورٹ اس وژن کی تکمیل میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی شپنگ کمپنیوں کا گوادر پورٹ پر بڑھتا ہوا اعتماد اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ یہ بندرگاہ عالمی معیار کی سہولیات، محفوظ آپریشنز اور مؤثر لاجسٹکس کی بدولت خطے میں اپنی اہمیت مسلسل مستحکم کر رہی ہے۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں اضافہ نہ صرف گوادر پورٹ کی اسٹریٹجک اہمیت کو اجاگر کرتا ہے بلکہ بلوچستان میں سرمایہ کاری، تجارت، ویلیو ایڈیشن، روزگار کے مواقع اور برآمدی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے بھی نئی راہیں ہموار کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ، چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) اور علاقائی تجارتی روابط کے تناظر میں پاکستان کی معاشی ترقی کا ایک اہم ستون بن کر ابھر رہی ہے

### بقیہ 33

متعلقہ کمپنیوں کی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ تمام ایس او پیز پر مکمل اور مؤثر انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر حکام نے واضح کیا کہ بغیر قانونی دستاویزات کے کسی بھی شخص کو نہ ٹکٹ جاری کیا جائے اور نہ ہی سفر کی اجازت دی جائے۔ تمام مسافروں کا مکمل ریکارڈ، شناختی معلومات اور سفری تفصیلات بکنگ آفس اور متعلقہ گاڑی میں موجود ہونا لازمی ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی یا ناگہانی صورتحال میں انتظامیہ کو معلومات کی فراہمی میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام بکنگ آفسز اپنے دستی (مینول) ریکارڈ کو روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ رکھیں اور ضرورت پڑنے پر متعلقہ حکام کو فوری طور پر پیش کرنے کے قابل ہوں۔ حکام نے خبردار کیا کہ حکومتی ہدایات اور ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسافروں کی حفاظت، سفری نظام میں شفافیت اور قانون کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

### بقیہ 34

ہوئی۔ اجلاس میں ضلع قلعہ سیف اللہ اور مجموعی طور پر صوبہ بلوچستان کی امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء نے عوام کو درپیش مسائل، امن کے قیام، اور موجودہ حالات میں جماعت کی ذمہ داریوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ کارکنان کی بہتر رہنمائی، عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے اور آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کیلئے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے گی۔ اجلاس میں تنظیمی امور کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ ضلعی، تحصیل اور ذیلی تنظیموں کی کارکردگی کا تفصیلی تجزیہ کرتے ہوئے ان کی فعالیت کو مزید مؤثر بنانے، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط کرنے، کارکنوں کی تربیت اور رابطہ عوام مہم کو وسعت دینے کے حوالے سے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، قومی وصوبائی معاملات اور جمعیت علماء اسلام کے آئندہ لائحہ عمل پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی

### بقیہ 35

ایشن بھی پیش کیا اس موقع پر سیکرٹری اسپورٹس درا بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل یاسر خان بازئی بھی موجود تھے مینا مجید بلوچ نے کہا کہ عبدالرزاق حلیمی نے اپنی محنت، لگن اور غیر معمولی صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کیلئے اعزاز حاصل کیا ہے۔ ایسے باصلاحیت کھلاڑی نوجوان نسل کیلئے قابل تقلید مثال ہیں اور ان کی کامیابیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ بلوچستان کا ٹیلنٹ عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے

### بقیہ 36

صدر سرنا ناصر رحیم سہرابی، گوادر سول سوسائٹی کے صدر محمد جان اور سینئر قلم میکر خیر جان خیرول شامل تھے۔ اس موقع پر مختلف سرکاری و نجی اداروں کے نمائندوں، سماجی تنظیموں اور معززشہریوں نے بھی شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ منشیات کے خلاف آگاہی، بروقت علاج، بحالی اور معاشرتی تعاون ہی اس ناسور کے مؤثر تدارک کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو منشیات سے محفوظ رکھنے اور متاثرہ افراد کو باعزت زندگی کی طرف واپس لانے کیلئے ایسے اصلاحی اور آگاہی پروگرام وقت کی اہم ضرورت ہیں اس موقع پر گوادر آرٹ اکیڈمی کے فنکاروں نے منشیات کے مضر اثرات، بحالی کی اہمیت اور مثبت طرزِ زندگی پر مبنی سبق آموز ڈرامے پیش کیے، جبکہ ماں جی کیئر سینٹر میں زیرِ علاج مریضوں نے بھی اپنی شاندار پرفارمنس سے حاضرین کو متاثر کیا

### بقیہ 37

منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات، امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی غور، ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے اقدامات، ناجائز تجاوزات کا خاتمہ، غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور سرکاری امور کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنانا تھا اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں۔ انہوں نے خاص طور پر صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صفائی ستھرائی اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ حکومت کی جانب سے دیے گئے اہداف کے حصول کیلئے تمام اداروں کے درمیان باہمی رابطہ نہایت ضروری ہے

### بقیہ 38

روپے کی خطیر لاگت سے جدید آپریشن تھیٹر کمپلیکس تعمیر کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ ضلع خضدار کی طبی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کرے گا اور اس کا براہ راست فائدہ پورے قلات ڈویژن کے عوام کو ہوگا۔ سارا کریڈٹ ضلعی انتظامیہ کو جاتا ہے جنہوں نے اس منصوبے کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے دن رات محنت کی۔ نئے کمپلیکس کو بین الاقوامی معیار کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ مریضوں کو ہر قسم کی سرجیکل سہولت ایک ہی چھت تلے میسر ہو۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے خضدار اور پورے جھالاوان کے عوام کو بڑے آپریشنز کیلئے کوئٹہ اور کراچی جانا پڑتا تھا۔ اب اس 1 ارب روپے کے منصوبے کی تکمیل کے بعد ضلع خضدار خود کفیل ہو جائے گا

### بقیہ 39

ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر حضور بخش مینگل، سیاسی و مذہبی رہنما حاجی رحمت اللہ بنگلزئی، ڈی پی سی شبیر احمد مری، حیدر علی، ایم این سی ایچ کو آرڈینیٹر سعید احمد، ثناء اللہ چلھڑا سمیت محکمہ صحت کے افسران و اہلکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی نے بتایا کہ ضلع بھر میں 12 روزہ مہم کے دوران ایک لاکھ 90 ہزار افراد کی ہیپاٹائٹس سی اسکریننگ، تشخیص، مفت علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اس مقصد کیلئے 52 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گلی محلوں اور دیہی علاقوں میں گھر گھر جا کر عوام کی اسکریننگ کریں گی انہوں نے مزید کہا کہ جن افراد کی ابتدائی رپورٹ مثبت آئے گی، ان کے پی سی آر ٹیسٹ اور مکمل علاج بھی حکومتی احکامات کے مطابق مفت فراہم کیے جائیں گے

### بقیہ 40

اور مختلف قومی و صوبائی صحت پروگراموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال، ڈسٹرکٹ منیجر PPHI، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر، عالمی ادارہ صحت (WHO)، ای پی آئی، ملیریا کنٹرول پروگرام، ٹی بی کنٹرول پروگرام، نیوٹریشن پروگرام، آئی ایس ڈی سمیت دیگر متعلقہ محکموں اور اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں گزشتہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹرز، لیڈی میڈیکل آفیسرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین کی حاضری، فیلڈ مانیٹرنگ رپورٹس، نظم وضبط، ادویات کی دستیابی، طبی آلات کی فعالیت، ڈی ایچ کیو ہسپتال، آر ایچ سیز، بی ایچ یوز، سی ڈی سینٹرز، ایم سی ایچ مراکز اور مختلف عمودی صحت پروگراموں کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں زچہ و بچہ کی صحت، حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج، غذائی قلت کے خاتمے، ملیریا، ٹی بی اور دیگر متعدی بیماریوں کی روک تھام، ایمرجنسی طبی سہولیات، دیہی علاقوں میں طبی خدمات کی فراہمی اور صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کے حل کیلئے متعدد تجاویز اور سفارشات پیش کی گئیں

### بقیہ 41

واٹر روڈ کرم خان ساسولی، بلیک ٹاپ روڈ گوٹھ دھنی بخش عمرانی، بلیک ٹاپ روڈ محمد پرکانی اور بلیک ٹاپ روڈ شاہمواہ شامل ہیں ایس ڈی او عابد علی پہنور، ایس ڈی او احسان علی کھوسہ، ایس ڈی او ندیم سولنگی، ایس ڈی او ظفر علی عمرانی بھی موجود تھے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی کاموں کے معیار، رفتار اور شفافیت کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام منصوبے مقررہ معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بناتے ہوئے مکمل کیے جائیں

### بقیہ 42

کے تحت کچلاک بائی پاس پر رات گئے کامیاب کارروائی کی گئی، جہاں مسافر بس نمبر BSC-217 سے 300 کلوگرام خراب اور مضرِ صحت چکن گوشت برآمد ہوا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور کچلاک پولیس کی مشترکہ کارروائی کے دوران بدبودار گوشت قبضے میں لے کر موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ خصوصی آپریشن رات ایک بجے تک جاری رہا اور بروقت کارروائی کے باعث غیر معیاری گوشت مارکیٹ تک پہنچنے سے پہلے ہی روک لیا گیا۔ علاوہ ازیں کوئٹہ کے مختلف علاقوں سریاب، کلی جیو، کشمیر آباد، ہزارہ ٹاؤن، قمبرانی روڈ اور شاہ جی چوک میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سیوریج کے پانی سے اگائی گئی ہری پیاز، دھنیا، پودینہ اور جامنی مولی کی مضرِ صحت فصلیں تلف کر دیں۔

### بقیہ 43

متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر، میر عبدالغفور ٹیچنگ ہسپتال کے نمائندہ ڈاکٹر جنید بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر فاروق بلوچ، سی ای او جی ڈی اے ہسپتال ڈاکٹر ناصر تیغ، ایکسین واپڈا، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی، ڈپٹی سی ای او عمانی گرانٹ ہسپتال ڈاکٹر حمید بلوچ، ڈرگ انسپکٹر سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندوں اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر کے صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز، ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں دستیاب سہولیات، طبی آلات، ادویات کی فراہمی، انسانی وسائل اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف ایجنڈا نکات زیر غور آئے اجلاس میں صحت کے نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کیلئے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئے

### بقیہ 44

بلوچستان جانزیب خان مندوخیل، مختلف فیکلٹیز کے ڈینز، ڈائریکٹرز، سنڈیکیٹ کے اراکین اور جامعہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اکیڈمک کونسل، فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی، سلیکشن بورڈز، ای آفس سسٹم سے متعلق امور اور مختلف مفاہمتی یادداشتوں سے متعلق اجلاسوں کے منٹس کی منظوری دی گئی۔ اس کے علاوہ مالیاتی امور، فیکلٹی سے متعلق معاملات، تدریسی پروگرامز، پالیسیوں پر نظر ثانی اور دیگر ادارہ جاتی اصلاحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے اپنے خطاب میں کہا کہ جامعہ بلوچستان تعلیمی معیار کی بہتری، شفاف مالیاتی نظام، معیاری تحقیق اور مؤثر گورننس کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

### بقیہ 45

کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ اور صوبائی وزیر میر محمد خان لہڑی نے سندھ کے صوبائی وزیر آبپاشی جام خان شورو سے اہم ملاقات کر کے کھیرتھر کینال میں بلوچستان کے حصے کے زرعی پانی کی فراہمی کے مسئلے کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا، جس کے نتیجے میں اس دیرینہ مسئلے کے حل کی جانب مثبت پیش رفت سامنے آئی کہ کھیرتھر کینال میں چار سو کیوسک پانی مزید فراہم کر دیا انہوں نے کہا کہ کھیرتھر کینال میں پانی کی قلت نصیرآباد ڈویژن، ضلع اوستا محمد، گنداخہ اور کینال کمانڈ ایریا کے ہزاروں آبادگاروں کے لیے ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے، جس کے باعث زرعی سرگرمیاں شدید متاثر اور فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ پیدا ہو گیا تھا۔ ایسے نازک حالات میں صوبائی وزراء کی مشترکہ اور سنجیدہ کوششیں نہ صرف قابل تعریف ہیں بلکہ کسان برادری کے لیے امید کی نئی کرن بھی ثابت ہوئی ہیں

### بقیہ 46

نے 1067 نمبر لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی چیئرمین بورڈ محمد اسحاق، کنٹرولر بورڈ ڈاکٹر ضیاء الحق کاکڑ اور سیکریٹری بورڈ ضیاء الرحمان حلیمی نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحانات 2026ء میں کل 99946 طلبہ شریک ہوئے جن میں سے 88944 کامیاب قرار پائے۔ کامیابی کا تناسب 89 فیصد رہا، گیارہویں جماعت میں 46356 طلبہ شریک ہوئے جن میں سے 39902 کامیاب قرار پائے۔ کامیابی کا تناسب 86.1 فیصد رہا، بارھویں جماعت میں 53590 طلبہ شریک ہوئے جن میں سے 49042 کامیاب قرار پائے۔ کامیابی کا تناسب 91.5 فیصد رہا امتحان میں ممنوعہ ذرائع استعمال کرنے پر 542 طلبہ کے نتائج روک دیئے گئے ہیں۔ امتحان منعقد کرنے کے لئے 257 امتحانی مراکز میں نگران عملے کے طور پر 854 اساتذہ کی خدمات حاصل کی گئی جبکہ 151 افسران نے مانیٹرنگ کے فرائض سرانجام دیئے۔ انہوں نے بتایا کہ اسلامیہ گرلز کالج کوئٹہ کی طالبہ عائشہ خان ولد غضنفر علی رول نمبر 580369 نے 1067 نمبر لیکر پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ بی آر سی لورالائی کے طالب علم رسد خان ولد نعمت اللہ رول نمبر 250202 نے 1064 نمبر لے کر دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ اسلامیہ گرلز کالج کوئٹہ کی طالبہ سعدیہ ولد طاہر کامران رول نمبر 580370 نے 1061 نمبر لیکر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ انہوں نے کامیاب ہونے والے طلباء کو بالعموم اور پوزیشن لینے والوں کو بالخصوص مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ری کاؤنٹنگ کیلئے درخواست جمع کروانے کا طریقہ کار مکمل طور پر آن لائن کر دیا گیا ہے۔ طلباء اصل ڈی ایم سی کے اجراء کا انتظار کیے بغیر 05 اگست 2026 (یعنی اعلان نتائج کے 15 دن کے اندر) تک درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

### بقیہ 47

جسے طاقت کے ذریعے دبانے کی کوشش نہ صرف افسوسناک بلکہ جمہوری اقدار کے بھی منافی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بے گناہ ملازمین کو گرفتار کر کے ان کے خاندانوں کو شدید ذہنی اور معاشی مشکلات سے دوچار کیا جا رہا ہے، جبکہ احتجاج کرنے والے سرکاری ملازمین کے خلاف انتقامی کارروائیاں کسی بھی مہذب اور جمہوری معاشرے کے شایانِ شان نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق درجنوں پروفیسرز کی ریٹائرمنٹ جبکہ متعدد دیگر ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائیاں بھی انتہائی افسوسناک ہیں، جن پر حکومت کو فوری نظرثانی کرنی چاہیے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ملازمین کے جائز، آئینی اور قانونی حقوق کی مکمل حمایت کرتی ہے اور سمجھتی ہے کہ مسائل کا حل طاقت، گرفتاریوں اور دباؤ میں نہیں بلکہ سنجیدہ اور بامقصد مذاکرات میں پوشیدہ ہے۔

### بقیہ 48

ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، اسسٹنٹ کمشنر سٹی، اسسٹنٹ کمشنر صدر، اسسٹنٹ کمشنر کچلاک اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول مہم کو مزید مؤثر اور تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے ناجائز منافع خوروں اور گرانفروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا حکم دیا۔ دودھ، دہی، گوشت اور آٹے کی قیمتوں کے تعین اور ان پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے انخلا سے متعلق جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور اس عمل کو قانون کے مطابق مزید مؤثر بنانے کیلئے ضروری ہدایات جاری کی گئیں

### بقیہ 49

کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ساحل اور وسائل کا تحفظ ایک قومی فریضہ ہے ماہی گیر اپنے روزگار کو تحفظ دینے کے لیے جو بھی جدوجہد کرینگے ہم اور ہماری پارٹی ان کے ساتھ ہوگی لیکن ماہی گیر بھی اپنے جائز معاملات اور مسائل کے آپس میں یکجا ہوں جب ماہی گیر انتشار کا شکار ہونگے تو پھر دوسرے باہر سے آکر ان کے کاروبار پر شب خون مارینگے۔ اس موقع پر ناخدا کریم بخش، ابراہیم نے پارٹی پروگرام سے متاثر ہو کر نیشنل پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا اور ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور رجب علی رند کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔

### بقیہ 50

ٹھیکیداروں کو کام سونپا ہے، ان کے مزدوروں کی بھرتی اور اجرت کی ادائیگی کی مکمل ذمہ داری متعلقہ ٹھیکیدار پر عائد ہوتی ہے۔ یہی طریقہ کار تمام سرکاری اداروں میں رائج ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اس وقت دو مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے ٹھیکیداروں کے درمیان کچھ آپسی مسائل چل رہے ہیں۔ انہی اختلافات کو بنیاد بنا کر BME کو غیر ضروری طور پر متنازعہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ BME فیکٹری میں کام کرنے والے مستقل مزدوروں کو ہر ممکن سہولت اور سپورٹ فراہم کی جا رہی ہے۔ جبکہ ٹھیکیدار اور ان کے مزدوروں کے درمیان ہونے والے معاملات براہِ راست ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہے۔ BME گزشتہ کئی سالوں سے خضدار میں فلاح و بہبود کے منصوبوں پر بھی کام کر رہی ہے۔

### بقیہ 51

کے رکے ہوئے کام کو دوبارہ شروع کیا جائے تاکہ عوام کا دیرانہ خواب ومسئلہ پایا تکمیل تک پہنچ جائے کیونکہ ڈیرہ مراد جمالی کے بائی پاس روڈ کی وجہ سے شہر میں چھوٹے بڑے گاڑیوں کی رش لگی رہتی ہے اور شہریوں کا چلنا پھرنا بھی دشوار بنا ہوا ہے اور آئے روز شہر میں رش کی وجہ سے روڈ حادثے معمول بنے رہتے ہیں

### بقیہ 52

PTSMC کے ذریعے ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر کا کام تیزی اور اعلیٰ معیار کے ساتھ جاری ہے، جسے عوامی حلقوں کی جانب سے بے حد سراہا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ریحان خان مری، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول جونگل خان عمرانی سمیت نصیرآباد کے متعدد سرکاری تعلیمی اداروں میں اضافی کمروں کی تعمیر کی جا رہی ہے۔ ان کمروں کی تکمیل سے نہ صرف طلبہ و طالبات کو مناسب اور کشادہ کلاس رومز میسر آئیں گے بلکہ تدریسی سرگرمیوں میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ اس اقدام سے کلاسوں میں گنجائش کا مسئلہ کم ہوگا اور اساتذہ بھی بہتر ماحول میں تدریسی فرائض انجام دے سکیں گے

### بقیہ 53

کیلئے کسی سائبان سے کم نہ تھا۔ اردوزی قوم سمیت پورا چمن آج بھی ان کی انصاف پسندی اور دردمندی کی گواہی دیتا ہے، کیونکہ انہوں نے اپنے کردار سے شرافت اور اخوت کی ایسی تاریخ رقم کی جو زمانوں تک محو نہ ہو سکے گی۔ قدرت کا کرشمہ دیکھیے کہ مرحوم کی بہترین تربیت اور اخلاصِ نیت کا صلہ ان کے ہونہار سپوتوں، حاجی عبدالشکور خان اچکزئی اور حاجی عبدالظاہر خان درانی کی صورت میں ظاہر ہوا، جو آج اپنے والد کے نصب العین کو نئی جہتیں دے رہے ہیں۔ یہ صاحبانِ کردار اپنی فلاحی سرگرمیوں، تعلیمی وطبی منصوبوں اور علاقے کی تعمیر و ترقی میں جس والہانہ انداز سے مصروفِ عمل ہیں، وہ اس تناور درخت کی عملی تفسیر ہے جس کا بیج مرحوم نے اپنی زندگی میں بویا تھا۔ ان کی زندگی کا ایک گوشہ اس قدر منفرد اور پرکشش ہے کہ پشتون وطن کے عظیم صوفی، استقامت کے پیکر اور سامراج شکن بزرگ حضرت قاضی ملا عبدالسلام باباعشے زئی اچکزئی رحمہ اللہ، جب کوژک کے سنگلاخ پہاڑوں کے دامن میں واقع درہ شاخہ سے نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے لیے سپین بولدک یا قندھار کا قصد فرماتے، تو سفر کی مسافتوں اور تھکن کے باوجود ان کا معمول تھا کہ صبحِ کاذب کی تاریکیوں میں سفر کا آغاز کر کے سب سے پہلے حاجی محمد خان اردوزی کی پرنور بزم میں چائے ناشتہ کا شرف حاصل کرتے اور خلوصِ باہمی کی ایک نئی داستان رقم ہوتی

### بقیہ 54

کنونشن سے خطاب مظلوم شہداء، ان کے لواحقین اور انصاف کے متلاشی ہر شہری کے جذبات کی حقیقی ترجمانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہرینِ قانون کے اس باوقار اجتماع میں آئین وقانون کی بالادستی، جمہوری اقدار اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے نہایت واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے آئین شکنی کے مرتکب عناصر کو آئینہ دکھایا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وکلاء کنونشن نے جمعیت علماء اسلام کے خلاف منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کے بے بنیاد الزامات کا مؤثر جواب دے دیا اور ایک بار پھر یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کا مؤقف تاریخی حقائق، آئینی اصولوں اور زمینی حقائق پر مبنی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہمیشہ سے شہداء کی عظمت، ان کے خون کی حرمت اور ان کے لواحقین کے حقوق کی علمبردار جماعت رہی ہے اور ہر فورم پر مظلوموں کی آواز مؤثر انداز میں بلند کرتی آئی ہے۔ انہوں نے کامیاب وکلاء کنونشن کے انعقاد پر جمعیت لائرز فورم پاکستان کے صدر سینیٹر کامران مرتضیٰ اور ان کی پوری ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وکلاء برادری آئین کی سربلندی، قانون کی حکمرانی اور عدل وانصاف کے فروغ کے لیے آئندہ بھی اپنا مؤثر اور تاریخی کردار ادا کرتی رہے گی۔

### بقیہ 55

گوٹھ ہاشم بڑرو میں منشات کے اڈے پر چھاپہ مار کر تین کلو چرس و دیگر منشیات برامد کر کے ایک ملزم عبدالباقی بڑرو کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا اور گرفتار ملزم سے تفتیش شروع کر دی گئی۔

### بقیہ 56

معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات (Routine Immunization) پروگرام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لینا، موجودہ چیلنجز پر غور کرنا اور باہمی تعاون کو مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل مرتب کرنا تھا۔ اجلاس میں ڈاکٹر نور حسین لہڑی، ہیلتھ آفیسر (امیونائزیشن اینڈ سسٹم اسٹرینتھننگ)، یونیسیف بلوچستان، ڈاکٹر ظفر اقبال خوستی، ٹی ایف پی، ای پی آئی، گیٹس فاؤنڈیشن، اور ای پی آئی بلوچستان کی انتظامی و تکنیکی ٹیم کے اراکین نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی ای پی آئی ٹیم نے بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی مجموعی کارکردگی، بچوں اور حاملہ خواتین تک ویکسین کی رسائی بڑھانے کیلئے جاری اقدامات، دور دراز علاقوں میں خدمات کی فراہمی، کولڈ چین سسٹم کی مضبوطی، ویکسین کی دستیابی، ڈیٹا مینجمنٹ، نگرانی کے نظام اور شراکت دار اداروں کے تعاون سے جاری سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج میں اضافے، ویکسین سے بچاؤ والی بیماریوں کے خاتمے اور ہر بچے تک معیاری حفاظتی خدمات کی فراہمی کیلئے مشترکہ حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسٹر میسن ایمانوئل نے اپنے دورے کے دوران ای پی آئی بلوچستان کے مختلف اہم شعبہ جات کا بھی تفصیلی معائنہ کیا، جن میں مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (M&E) سیل، کولڈ چین ویئر ہاؤس اور ڈرائی ویئر ہاؤس شامل تھے

### بقیہ 57

، اصل خان اچکزئی، ایاسین خان اچکزئی، عبداللطیف دومڑ، حاجی فتح محمد دوتانی، محمد نور صاحب، نور محمد نورک، حاجی عبداللہ جان مجلون آکا، طارق خان دومڑ، گاور خان، سعید محمد، رضا محمد رضا ناصر، عطاء اللہ خان، سردار عنایت اللہ و دیگر ضلعی، تحصیل اور علاقائی عہدیدار وکارکنان بھی شریک تھے۔ عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پارٹی رہنماؤں کے وفد نے کہا کہ جس طرح کوئٹہ کے کوئلہ پھاٹک پر زیارت پولیس سانحہ کے شہدا کے لواحقین اور عوام نے منظم انداز میں پرامن طور پر احتجاج اور دھرنا دیا اس دھرنے میں شہداء کے لواحقین کے صبر استقامت قابل تحسین ہیں ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور قوم ان کے احسانات کو بھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کا خون ہم سب سے اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد، اتفاق اور نظم وضبط کا مظاہرہ کریں

### بقیہ 58

روایم پی اے فریال تالپور، ضلع لاڑکانہ اور سٹی نوڈیرو کی پارٹی قیادت سے مؤدبانہ اپیل کی ہے کہ انہیں معذور کوٹہ کے تحت سرکاری ملازمت فراہم کی جائے۔ اپنے بیان میں ملازم حسین قلندری نے کہا کہ وہ بلاول بھٹو زرداری اور فریال تالپور کے حلقہ انتخاب کے رہائشی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ووٹر ہیں۔ انہوں نے ماضی میں پاکستان پیپلز پارٹی سٹی نوڈیرو یونٹ میں بطور عہدیدار خدمات بھی انجام دیں، جبکہ عرصہ دراز سے علاقے میں صحافتی فرائض بھی سرانجام دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک اہم واقعے کی کوریج کیلئے موٹر سائیکل پر جاتے ہوئے انہیں حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں وہ مستقل معذوری کا شکار ہوگئے۔ ان کے پاس متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ معذوری کا سرکاری سرٹیفکیٹ بھی موجود ہے۔

### بقیہ 59

مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانے کی حدود ڈیرہ رحمان جمالی عرفان کوٹ میں مسلح ڈاکو رسول بخش کے گھر گھس کر اسلحے کے زور پر اہلخانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے زیورات سونا چاندی نقدی اور گھریلو سامان چوری کر کے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

### بقیہ 60

عبدالغفار دشتی، سب انسپکٹر عبدالسلام بلوچ، تفتیشی افسر آسمی بلوچ اور دیگر پولیس حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر آل پارٹیز پنچ کے نمائندوں، نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر طارق بابل، انجمن تاجران پنچ کے نمائندے بسمل عمر، سماجی شخصیات، معززین اور شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے شہر میں امن و امان کی صورتحال، ٹریفک کی روانی، گاڑیوں میں کالے شیشوں کے استعمال، مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کے رخ میں تبدیلی اور شہریوں کو درپیش دیگر مسائل پر تفصیلی گفتگو کی۔ شرکاء نے پولیس حکام کو مختلف تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی بہتری اور جرائم کی روک تھام کیلئے مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈی ایس پی تربت محسن بلوچ نے کہا کہ تربت شہر میں دیرپا امن صرف پولیس کی کوششوں سے ممکن نہیں

### بقیہ 61

دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ سے حاجی فضل کی اہلیہ مسمات بی بی (ر) موقع پر ہی دم توڑ گئیں۔ قلعہ عبداللہ گھریلو تنازعہ پر فائرنگ کے واقعے میں خاتون بی بی رحم گلہ زوجہ حاجی فضل دلسورہ کاریز قلعہ عبداللہ موقع ہی پر جاں بحق ہوگئیں لواحقین نے خاتون کو ٹراما سنٹر میزئی اڈہ منتقل کر دیا۔

### بقیہ 62

بلوچستان اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے رہنماؤں کی رہائی پر بلوچستان بھر سے تعلق رکھنے والے اساتذہ، عہدیداران اور کارکنان کی بڑی تعداد ہدہ جیل کے باہر پہنچ گئی، جہاں انہوں نے اپنے قائدین کا والہانہ استقبال کیا۔ اس موقع پر فضاء فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی جبکہ اساتذہ نے اپنے قائدین کو پھولوں کے ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے اپنی محبت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی صدر و قائدِ اساتذہ سجاد حسین رند نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کے حقوق کی جدوجہد ایک اصولی اور آئینی جدوجہد ہے، ہمارا قافلہ حق، سچ اور انصاف کے راستے پر گامزن ہے، جو نہ کبھی رکا ہے اور نہ کبھی جھکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتاریوں، دباؤ اور دیگر اوچھے ہتھکنڈوں سے اساتذہ کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ ہماری جدوجہد ذاتی مفادات کیلئے نہیں بلکہ بلوچستان کے اساتذہ کے جائز حقوق، عزتِ نفس اور بہتر تعلیمی نظام کے قیام کیلئے ہے۔

### بقیہ 63

زیارت عبدالمالک، اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہ غلزئی، ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد رفیق مستوئی، سی ٹی ڈی انچارج عبدالمجید، اسپیشل برانچ کے محمد شاکر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعمیراتی سرگرمیوں کی سیکورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اور ڈسٹرکٹ زیارت میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا شرکاء نے منصوبوں کی حفاظت، تعمیراتی عمل کی بلاتعطل تکمیل اور متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کے حوالے سے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر ضلع زیارت کی مجموعی امن وامان کی صورتحال کا بھی از سرِ نو جائزہ لیا گیا۔

### بقیہ 64

متعلقہ افسران، مانیٹرنگ اسٹاف اور دیگر ذمہ دار حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں گزشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اساتذہ کی حاضری، فیلڈ وزٹس کی رپورٹس، اسکولوں کی کارکردگی، ضلع کے تعلیمی منصوبے، جاری ترقیاتی اقدامات اور تعلیمی اہداف پر پیش رفت سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں کے فروغ، طلبہ کی حاضری میں اضافہ، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں، امتحانی نتائج میں بہتری اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے متعدد تجاویز اور سفارشات پیش کی گئیں۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر کے تمام تعلیمی اداروں کی باقاعدہ نگرانی کو یقینی بنایا جائے

### بقیہ 66

کر کے علی احمد ولد غلام علی قوم لانگو، سکنہ جیکب آباد کو ہلاک جبکہ نیاز ولد غلام نبی قوم لانگو، سکنہ شکارپور کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ تھانہ نیو سریاب نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

### بقیہ 67

کے حوالے کر دی۔ جبکہ واقعے کی مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

### بقیہ 68

کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے پاکستان اور کینیڈا کے دوطرفہ تعلقات میں حالیہ پیش رفت کا جائزہ لیا اور علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ترجیحی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا اور متفقہ مشترکہ اعلامیے پر عمل درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے سالانہ اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا۔

### بقیہ 69

، سب انسپکٹر الٰہی بخش ساسولی، ہیڈ کانسٹیبل کرم دین ابڑو نے دیگر پولیس ٹیم کے ہمراہ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) مہم کے دوران کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ملزم عبدالباقی ولد محبوب علی قوم بڑرو ساکن گوٹھ ہاشم بڑرو گھارو جھل مگسی کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے 03 کلوگرام چرس برآمد کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی۔

### بقیہ 70

کہ زرعی پانی کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے اور جھڈیر شاخ سمیت دیگر شاخوں کے ٹیل تک زرعی پانی کی فراہمی کا نظام مفلوج ہو کر رہ گیا ہے جبکہ زرعی پانی کی عدم دستیابی کے باعث چاول کی تیار نرسری جل رہی ہے، جس سے لوگوں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے جس کی وجہ سے کاشتکار فاقہ کشی پر مجبور ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ زرعی پانی کی اس شدید قلت کے خلاف آئے روز متاثرہ لوگ سراپا احتجاج ہیں انہوں نے کہا کہ جھڈیر شاخ سمیت دیگر شاخوں کے ٹیل تک پانی نہ پہنچایا گیا تو چاول کی فصل کی کاشت تباہ ہو جائے گی

### بقیہ 71

فنڈ کی ادائیگی نہیں کی جا رہی تھی۔ انہوں نے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی کیلئے متعدد بار متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انہوں نے انصاف کے حصول کیلئے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی جلد کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو بینوولنٹ فنڈ کی مد میں 68976 روپے کی ادائیگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

### بقیہ 72

کہ سال 2022 کے تباہ کن سیلاب کے باعث گنداواہ کا نادرا آفس شدید متاثر ہوا تھا، جس کے بعد طویل عرصے تک دفتر عارضی کنٹینر میں کام کرتا رہا۔ محدود جگہ ہونے کی وجہ سے روزانہ آنے والے شہریوں کو شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی کاوشوں سے اب نادرا آفس کو ایک بڑی اور کشادہ عمارت میں منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں شہریوں کو پہلے کے مقابلے میں بہتر اور سہل ماحول میں خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ صحافیوں کے وفد نے نئی عمارت کے قیام اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے نادرا آفس کے انچارج یاسر اقبال زہری کی خدمات اور کوششوں کو سراہا۔

### بقیہ 73

ہو چکا ہے۔ داخلے اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) اور فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت مختلف تعلیمی پروگراموں میں جاری ہیں داخلوں میں میٹرک (سائنس، جنرل اور درسِ نظامی)، ایف اے (سائنس، جنرل، درسِ نظامی اور آئی کام)، ایسوسی ایٹ ڈگری (بی اے جنرل/اوپن کورسز) اور مختلف شعبہ جات میں ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام شامل ہیں، جن میں ماس کمیونیکیشن، اردو، پاکستان اسٹڈیز، انگلش، لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنس، سوشیالوجی، اکنامکس، ہسٹری، بزنس ایڈمنسٹریشن، ایجوکیشن، عربی اور پولیٹیکل سائنس سمیت دیگر پروگرام شامل ہیں۔

### بقیہ 74

نے شہریوں کی شکایات اور مسائل کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ افسران کو ان کے فوری ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد نے کہا کہ پولیس عوام کی جان ومال کے تحفظ اور امن وامان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کو فروغ دینا، براہِ راست رابطہ قائم کرنا اور شہریوں کے مسائل کو بروقت حل کرنا ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ جرائم کی روک تھام، منشیات کے خاتمے اور مشکوک عناصر کی نشاندہی کیلئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ معاشرے میں امن وسکون برقرار رکھا جا سکے۔ کھلی کچہری میں انسپکٹر جہانزیب اشرف مستوئی، سب انسپکٹر محمد آصف قادری سمیت پولیس کے دیگر افسران اور اہلکار بھی موجود تھے۔ آخر میں شہریوں نے پولیس کی جانب سے کھلی کچہری کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ایسے عوامی رابطہ پروگرام مستقبل میں بھی باقاعدگی سے جاری رہیں گے۔

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی جامعہ کے 99 ویں سنڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## گوادر‘ منشیات کے خلاف شعور اجاگر کرنے کیلئے ایک خصوصی اصلاحی تھیٹر شو

### منشیات کے خلاف آگاہی، بروقت علاج، بحالی اور معاشرتی تعاون ہی اس ناسور کے مؤثر تدارک کا ذریعہ ہیں

گوادر (خ ن) گوادر آرٹ اکیڈمی کی جانب سے ماں جی کیئر سینٹر گوادر میں زیر علاج منشیات سے متاثرہ افراد کی بحالی، حوصلہ افزائی اور منشیات کے خلاف شعور اجاگر کرنے کیلئے ایک خصوصی اصلاحی تھیٹر شو کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمانانِ خصوصی میں ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر گوادر محمد حسن اسلام، یونیف گوادر کے ڈسٹرکٹ منیجر عادل نوذئی، آرسی ڈی سی گوادر کے سابق (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

### ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کا مقصد جاری ترقیاتی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

## 1 ارب روپے کے منصوبے کی تکمیل کے بعد ضلع خضدار خودکفیل ہو جائے گا

### اہل خضدار نے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا دلی شکریہ ادا کیا

خضدار (خ ن) اہل خضدار نے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا دلی شکریہ ادا کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف سیکریٹری بلوچستان اور کمشنر قلات ڈویژن ڈاکٹر طفیل احمد بلوچ کی خصوصی دلچسپی اور ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی مسلسل کوششوں سے خضدار میں پہلی بار 1 ارب (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

## صادق عمرانی کی کاوشوں سے ضلع نصیرآباد میں وزیراعظم کے ہیپاٹائٹس سی کی تشخیص وعلاج پروگرام کے آغاز کے سلسلے میں آگاہی ریلی

### وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور نصیرآباد جرگہ کے ثمرات سامنے آنے لگے ہیں

نصیرآباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور نصیرآباد جرگہ کے ثمرات سامنے آنے لگے ہیں صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کی کاوشوں سے ضلع نصیرآباد میں وزیراعظم کے ہیپاٹائٹس سی کی تشخیص وعلاج پروگرام کے آغاز کے سلسلے میں آگاہی ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز جمالی نے کی۔ ریلی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس سے شروع ہوکر سول ہسپتال تک پہنچی، جہاں ہیپاٹائٹس سی کی مفت اسکریننگ بھی کی گئی شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے ریلی میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینٹر دوستین ڈومکی ملاقات کررہے ہیں

## بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص خوراک کے خاتمے کیلئے بڑی کارروائیاں

### 300 کلوگرام خراب، بدبودار اور مضرِ صحت چکن گوشت کی مارکیٹ میں سپلائی کی کوشش ناکام بنادی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے ناقص خوراک کے خاتمے کیلئے بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے ایک جانب 300 کلوگرام خراب، بدبودار اور مضرِ صحت چکن گوشت کی مارکیٹ میں سپلائی کی کوشش ناکام بنادی جبکہ دوسری جانب سیوریج کے پانی سے اگائی گئی مضرِ صحت سبزیوں کے خلاف جاری مرحلہ وار کریک ڈاؤن کے دوران متعدد مقامات پر آلودہ فصلیں تلف کردی گئیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق خفیہ اطلاع پر ڈائریکٹر آپریشنز کی ہدایت (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

### محمد اکرم حریفال کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس

دکی (خ ن) ضلع دکی میں صحت عامہ کی خدمات کو مزید مؤثر، منظم اور عوام دوست بنانے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

### ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کا مختلف زیرتعمیر اور مکمل ہونے والے سڑکوں کے منصوبوں کا تفصیلی دورہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج ضلع کے مختلف زیرتعمیر اور مکمل ہونے والے سڑکوں کے منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا ان منصوبوں میں بلیک ٹاپ روڈ این اے-65 تا گوٹھ اصغر خان عمرانی، بلیک ٹاپ روڈ شاہ ولی، بلیک ٹاپ روڈ گوٹھ نادر علی عمرانی، بلیک (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

### اجلاس میں صحت کے نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کیلئے مختلف تجاویز بھی زیرِ غور آئے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال، طبی سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی کارکردگی اور درپیش مسائل کے حل سے (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

# بغیر قانونی دستاویزات کے کسی بھی شخص کو نہ ٹکٹ جاری کیا جائے‘ ربابہ بلیدی

### وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر کا سکھر میں موجود بلوچستان اسمبلی کی پارلیمانی کمیٹی کے رکن حاجی محمد خان لہڑی سے ٹیلی فونک رابطہ

### مسافروں کی حفاظت، سفری نظام میں شفافیت اور قانون کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا‘ صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے سندھ اور بلوچستان کے درمیان آبی امور اور نصیرآباد ڈویژن کی نہروں میں پانی کی صورتحال کے حوالے سے سکھر میں موجود بلوچستان اسمبلی کی پارلیمانی کمیٹی کے رکن حاجی محمد خان لہڑی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا معائنے کے دوران مختلف ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے ریکارڈ، بکنگ سسٹم، مسافروں کے اندراج اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

## نیشنل پارٹی کسان مزدور ماہی گیر باشعور پڑھے لکھے لوگوں کی نمائندہ جماعت ہے‘ سلیم بلوچ

### ہم اور ہماری پارٹی ان کے ساتھ ہوگی لیکن ماہی گیر بھی اپنے جائز معاملات اور مسائل کے آپس میں یکجا ہوں

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) نیشنل پارٹی ایک پرامن جمہوریت پسند روشن خیال اور نچلے طبقے کسان مزدور ماہی گیر باشعور پڑھے لکھے لوگوں کی نمائندہ جماعت ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی ضلع حب کے ضلعی جنرل سیکریٹری کامریڈ سلیم بلوچ نے ڈام بندر سے آئے ماہی گیروں محمد موسیٰ، عبدالستار خاصخیلی اور ناخدا کریم بخش ابراہیم سے گفتگو (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

نیشنل پارٹی ضلع حب کے ضلعی جنرل سیکریٹری کامریڈ سلیم بلوچ سے ڈام بندر سے آئے ماہی گیروں کا وفد ملاقات کررہا ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو وائس چانسلر تربت یونیورسٹی ڈاکٹر حسن بلوچ سالانہ رپورٹ پیش کررہے ہیں

## ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی صدارت جامعہ بلوچستان کا 99 واں سنڈیکیٹ اجلاس

### جامعہ بلوچستان تعلیمی معیار کی بہتری، شفاف مالیاتی نظام، معیاری تحقیق اور مؤثر گورننس کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان کا 99 واں سنڈیکیٹ اجلاس سنڈیکیٹ ہال میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جامعہ سے متعلق مختلف تعلیمی، مالی اور انتظامی امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، رجسٹرار گل محمد کاکڑ، ٹریژرر خوشحال خان، فنانس ڈیپارٹمنٹ سے ڈاکٹر منصور بلوچ، ایڈیشنل سیکریٹری کالجز، ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

### ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرصدارت انتظامی افسران کا ایک اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرصدارت انتظامی افسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع بھر میں پرائس کنٹرول، افغان مہاجرین کے انخلا، شیشہ پوائنٹس کے خلاف کارروائیوں اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

### ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ کی زیرصدارت محکمہ جنگلات کی اراضی سے متعلق اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ، حافظ محمد طارق کی زیرِ صدارت محکمہ جنگلات کی اراضی سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام ریونیو افسران، جی آئی ایس (GIS) ٹیم اور محکمہ جنگلات کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ جنگلات کی اراضی کے ریکارڈ، حدود کے تعین، ڈیجیٹل میپنگ، تحفظ اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

## کھیرتھر کینال میں پانی کی قلت کا مسئلہ؛ صوبائی وزراء کی مؤثر کوششیں قابل تحسین، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

### ان شاء اللہ آئندہ دنوں میں کھیرتھر کینال میں بلوچستان کے حصے کا مزید پانی فراہم کیا جائے گا

گنداخہ (نامہ نگار) گنداخہ کی معروف قبائلی وسیاسی شخصیت اور چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کھیرتھر کینال میں زرعی پانی کی سنگین قلت کے مسئلے پر بروقت اور مؤثر اقدامات اٹھانے پر بلوچستان حکومت کے صوبائی وزراء کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ کسانوں کے مفادات کے تحفظ اور بلوچستان کے حصے کا پانی یقینی بنانے کے لیے ان کی مشترکہ جدوجہد قابلِ ستائش ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے تحصیل پریس کلب گنداخہ (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

# ہر کارکن یکساں پیغام اور منظم حکمتِ عملی کے ساتھ عوام کے درمیان اپنا کردار ادا کرے‘ مولانا عبدالواسع

### کارکنان کی بہتر رہنمائی، عوامی رابطے کو مزید مضبوط بنانے اور آئندہ کی سیاسی و تنظیمی سرگرمیوں کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کیلئے جامع حکمتِ عملی اختیار کی جائے گی

### جمعیت علماء اسلام عوام کے حقوق، امن واستحکام، آئین وجمہوریت کے تحفظ اور اسلامی اقدار کے فروغ کیلئے اپنی جدوجہد بھرپور انداز میں جاری رکھے گی، سینئر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے مجلس عمومی کا ایک اہم اور تفصیلی اجلاس صوبائی امیر، سینئر مولانا عبدالواسع کی زیرِ صدارت قلعہ سیف اللہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی نائب امیر مولانا کمال الدین اور صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی محمد نواز خان کاکڑ نے خصوصی شرکت کی، جبکہ ضلع بھر کے ذمہ داران، تحصیل و یونٹ عہدیداران اور کارکنان کی بڑی تعداد بھی شریک (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

## گرینڈ الائنس ملازمین کو رہا، مطالبات تسلیم کیے جائیں۔ پروفیسر حلیم صادق

### گرینڈ الائنس کے 50 سے زائد بے گناہ ملازمین کی بدستور گرفتاری قابل مذمت ہے۔ صوبائی جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے پچاس سے زائد ملازمین کی گرفتاریوں، تھری ایم پی او کے تحت نظر بندیوں اور سرکاری ملازمین کے خلاف جاری تادیبی کارروائیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرامن احتجاج ہر شہری اور ملازم کا آئینی و جمہوری حق ہے، (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

### انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2026 کے نتائج کا اعلان، عائشہ خان ولد غضنفر علی کی پہلی پوزیشن

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2026 کے نتائج کا اعلان کردیا گیا اسلامیہ گرلز کالج کوئٹہ کی طالبہ عائشہ خان ولد غضنفر علی رول نمبر 580369 (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی ڈی سی سی، ڈی آئی سی سی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ بھی موجود ہیں

### BME گزشتہ کئی سالوں سے خضدار میں فلاح وبہبود کے منصوبوں پر بھی کام کررہی ہے

خضدار (خ ن) خضدار میں بولان مائننگ انٹرپرائزز BME کے خلاف گزشتہ چند روز سے سوشل میڈیا اور مختلف پلیٹ فارمز پر چلنے والی خبروں کے بعد معاملے کی وضاحت سامنے آ گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق BME نے قانون اور ضابطے کے تحت جن (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

## ڈیرہ مراد جمالی شہر کو دیئے جانے والے بائی پاس روڈ کے منصوبے کا کام عرصہ دراز سے بند کردیا گیا‘ عوامی حلقے

### ڈیرہ مراد جمالی کے بائی پاس روڈ کی وجہ سے شہر میں چھوٹے بڑے گاڑیوں کی رش لگی رہتی ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) عوامی حلقوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر کو دیئے جانے والے بائی پاس روڈ کے منصوبے کا کام عرصہ دراز سے بند کردیا گیا جس کی وجہ سے عوام پریشان حال نظر آرہی ہے جبکہ کافی مرتبہ عوام کی جانب سے مختلف عوامی پلیٹ فارم پر آواز بلند کرنے کے باوجود تاحال بائی پاس روڈ کا کام دوبارہ شروع نہ ہونا سمجھ سے بالاتر ہے اس سلسلے میں عوامی حلقوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی بائی پاس روڈ کے منصوبے (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

## نصیرآباد‘ سرکاری اسکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر کا کام تیزی اور اعلیٰ معیار کے ساتھ جاری

### بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے عملی اقدامات جاری ہیں‘ محمد ایوب بلیدی

نصیرآباد (نامہ نگار راضی خان مری) ضلع نصیرآباد میں سرکاری تعلیمی اداروں کی بہتری اور طلبہ کو جدید اور بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے عملی اقدامات جاری ہیں۔ حکومت بلوچستان، PPMU اور SED کے تعاون سے تعمیر خلق فاؤنڈیشن ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر محمد ایوب بلیدی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن نصیرآباد کی زیرِ نگرانی (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد‘ سرکاری اسکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر کا کام تیزی اور اعلیٰ معیار کے ساتھ جاری ہے

### کفایت شعاری پالیسی جاری، مشینری اور آلات کی خریداری پر عائد پابندی بھی برقرار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات پر قابو پانے کیلئے رواں مالی سال بھی کفایت شعاری کے اقدامات جاری رکھنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے کفایت شعاری اقدامات میں توسیع کی منظوری دے دی ہے

### ڈیرہ مراد جمالی‘ منجھوشوری پولیس کا منشیات کے اڈے پر چھاپہ تین کلوگرام چرس ودیگر منشیات برآمد ملزم گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منجھوشوری پولیس کا منشیات کے اڈے پر چھاپہ تین کلوگرام چرس و دیگر منشیات برآمد ایک ملزم گرفتار۔ پولیس کے مطابق تمبو منجھوشوری پولیس میں ایک خفیہ اطلاع پر (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

### یونیسیف کے امیونائزیشن اسپیشلسٹ کا ای پی آئی بلوچستان کا دورہ

کوئٹہ (پ ر) یونیسیف کے امیونائزیشن اسپیشلسٹ کا ای پی آئی بلوچستان کا دورہ، معمول کی حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمات مزید مؤثر بنانے پر اتفاق ایکسپینڈڈ پروگرام آن امیونائزیشن (EPI) بلوچستان کے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر آفتاب حسین کاکڑ کی زیرِ صدارت ایک اہم رابطہ و جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں یونیسیف کنٹری آفس اسلام آباد کے امیونائزیشن اسپیشلسٹ مسٹر میسن ایمانوئل نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد بلوچستان میں (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

## معذور صحافی ملازم حسین قلندری کی پیپلز پارٹی کی قیادت سے معذور کوٹہ کے تحت سرکاری ملازمت دینے کی اپیل

### حالات اور معذوری کو مدنظر رکھتے ہوئے معذور کوٹہ کے تحت سرکاری ملازمت فراہم کی جائے

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) معذور صحافی ملازم حسین قلندری کی پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت سے معذور کوٹہ کے تحت سرکاری ملازمت دینے کی اپیل نوڈیرو کے رہائشی، صحافی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق سٹی یونٹ عہدیدار ملازم حسین قلندری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، پیپلز پارٹی لیڈیز ونگ کی مرکزی صدر (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

## سخاوت بے غرض، حاجی محمد خان اردوزئی ایک انجمن اور ایک تاریخ

### حیاتِ مستعار انسانیت کی فلاح، عجز وانکسار اور خدمتِ خلق کے تابناک ابواب سے عبارت تھی



چمن (رنزوریار سے) مرحوم حاجی محمد خان اردوزئی ایک ایسی عہد ساز شخصیت تھے جن کی حیاتِ مستعار انسانیت کی فلاح، عجز وانکسار اور خدمتِ خلق کے تابناک ابواب سے عبارت تھی۔ وہ محض ایک فرد نہیں، بلکہ ایک ایسا ادارہ تھے جن کی سخاوت کا دریا ہر خاص و عام کے لیے رواں رہتا، اور جن کا وجود غریبوں، یتیموں اور پسے ہوئے طبقات (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

### عوام کو معیاری، بروقت اور خوش اخلاقی پر مبنی طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ضلع بھر میں بنیادی مراکز صحت کی مسلسل نگرانی کا عمل جاری ہے۔

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل سینٹر نے احمد نواز سے سمسٹر خزاں 2026 کے داخلہ پراسپیکٹس اور تشہیری مواد وصول کیا

### داخلوں کے لیے درخواستیں یونیورسٹی کی ویب سائٹ کے ذریعے بھی جمع کروائی جا سکتی ہیں۔

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل سینٹر ڈیرہ مراد جمالی میں سینئر ٹیوٹر علی احمد ابڑو نے احمد نواز اور غلام اسحاق سے سیمسٹر خزاں 2026 کے داخلہ پراسپیکٹس اور تشہیری مواد وصول کیا۔ ریجنل انچارج علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ڈیرہ مراد جمالی (DMJ) کے مطابق سیمسٹر خزاں 2026 کے داخلوں کا آغاز یکم جولائی 2026 سے (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

## اوستہ محمد ایس پی حافظ معاذ الرحمان کا پولیس افسران کے ہمراہ کھلی کچہری

### پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

فیض آباد (رپورٹ یونس رحیم نوتکانی) ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمان نے ڈی ایس پی داؤد کھوسہ، ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی اور دیگر پولیس افسران کے ہمراہ تحصیل کی جامع مسجد شاہی، شاہی بازار اوستہ محمد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری کے دوران جامع مسجد کے امام پیش مولانا عبدالمجید لاشاری، نمازیوں اور معززشہریوں نے امن وامان، عوامی مسائل، پولیس کی کارکردگی اور دیگر متعلقہ امور پر اپنے تحفظات اور تجاویز پیش کیں۔ ایس پی حافظ معاذ الرحمان (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد ایس پی حافظ معاذ الرحمان کا پولیس افسران کے ہمراہ کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

## جمعیت ہر فورم پر مظلوموں کی آواز مؤثر انداز میں بلند کرتی آئی ہے‘ مولانا رفیق

### قائدِ جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کا مؤقف تاریخی حقائق، آئینی اصولوں اور زمینی حقائق پر مبنی ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم حلبی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے قائد حضرت مولانا فضل الرحمٰن کا وکلاء (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

### ڈھاڈر کے مقام پر مسلح افراد کا حملہ، محکمہ ایکسائز کے تین اہلکار مبینہ طور پر اغوا

دالبندین (این این آئی) دالبندین۔تفتان شاہراہ پر ڈھاڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے محکمہ ایکسائز کی عارضی چیک پوسٹ پر حملہ کردیا۔ پولیس کے مطابق حملہ آور مبینہ طور پر محکمہ ایکسائز کے تین اہلکاروں کو دو سرکاری گاڑیوں اور سرکاری اسلحہ سمیت اپنے ساتھ لے گئے۔

# باصلاحیت کھلاڑی نوجوان نسل کیلئے قابل تقلید مثال ہیں‘ مینا مجید

### نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کی ہر ممکن سرپرستی کیلئے پُرعزم ہے

### صوبائی مشیر نے عبدالرزاق خلجی کو ان کی بین الاقوامی کامیابی کے اعتراف میں میڈل پہنایا اور سرٹیفکیٹ آف اپریسی ایشن بھی پیش کیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے تھائی لینڈ میں منعقدہ ورلڈ مین فزیک چیمپئن شپ میں مسٹر ایشیاء کا اعزاز اپنے نام کرکے بلوچستان اور پاکستان کا نام روشن کرنے والے ممتاز باڈی بلڈر عبدالرزاق خلجی کو شاندار کامیابی پر خراجِ تحسین پیش کیا اس موقع پر صوبائی مشیر نے عبدالرزاق خلجی کو ان کی بین الاقوامی کامیابی کے اعتراف میں میڈل پہنایا اور سرٹیفکیٹ آف اپریسی (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

## سانحہ زیارت پولیس کے شہداء کے لواحقین کا صبر واستقامت قابل تحسین ہیں، عبدالرحیم زیارتوال

### دھرنے میں شہداء کے لواحقین کا صبر استقامت قابل تحسین ہیں ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی قیادت میں پارٹی کے مرکزی وصوبائی ایگزیکٹیوز اور ضلعی رہنماؤں نے سانحہ زیارت کے پولیس شہدا کے ایصال ثواب کیلئے زیارت، سنجاوی اور لورالائی جا کر علیحدہ علیحدہ فاتحہ خوانی اور لواحقین سے اظہارِ تعزیت وشہداء کے درجات بلندی کیلئے خصوصی دعا کی۔ وفد میں آغا سید لیاقت علی، جبار خان اتمانخیل، کبیر افغان، سردار حبیب الرحمٰن دومڑ، سردار شفیق ترین، نعمت کاکڑ (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

### مسلح ڈاکو اہلخانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے کا سونا زیورات نقدی اور گھریلو سامان چوری کرکے فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ڈکیتی کی بڑی واردات مسلح ڈاکو اہلخانہ کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے کا سونا زیورات نقدی اور گھریلو سامان چوری کرکے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

## گنداواہ: نادرا آفس کے انچارج یاسر اقبال زہری سے صحافیوں کے وفد کی ملاقات

### گنداواہ: نادرا آفس گنداواہ کے انچارج یاسر اقبال زہری سے صحافیوں کے ایک وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات

جھل مگسی (نامہ نگار) گنداواہ: نادرا آفس گنداواہ کے انچارج یاسر اقبال زہری سے صحافیوں کے ایک وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں ریاض احمد ساسولی، محمد قاسم سیال، منیر احمد رڈ اور ظفر مظفری شامل تھے۔ اس موقع پر یاسر اقبال زہری نے صحافیوں کو نادرا آفس کی نئی عمارت اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

گنداواہ نادرا آفس گنداواہ کے آفیسر یار اقبال زہری سے صحافیوں کا وفد ملاقات کررہا ہے

## زرعی پانی کی عدم دستیابی کے باعث چاول کی تیار پنیری جل رہی ہے‘ خالد حسین کھوسہ

### جھڈیر شاخ سمیت دیگر شاخوں کے ٹیل تک پانی نہ پہنچایا گیا تو چاولوں کی فصل کی کاشت تباہ ہوجائے گی

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) نوجوان سیاسی وسماجی رہنما خالد حسین کھوسہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ علاقے کے مختلف ذیلی شاخوں کے ٹیل تک زرعی پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے چاول کی پنیری خشک ہونے لگی جس کی وجہ سے زمیندار و کاشتکار احتجاج کر رہے ہیں انہوں نے کہا (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

### وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار ماہ بی بی کو بینوولنٹ فنڈ کی مد میں 68976 روپے کا ریلیف فراہم کروادیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار ماہ بی بی کو بینوولنٹ فنڈ کی مد میں 68976 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار ماہ بی بی نے بتایا کہ انہیں سن 2022 سے بینوولنٹ (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

## نصیرآباد پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

### حسب ضابطہ گرفتار کرکے ملزم کے قبضے سے 03 کلوگرام چرس برآمد کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات و احکامات پر ایس ڈی پی او سرکل تمبو حاجی امیر جان مگسی کی نگرانی میں، نصیرآباد پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری، پولیس تھانہ منجھوشوری کی اہم اور کامیاب کاروائی، ایس ایچ او پولیس تھانہ منجھوشوری انسپکٹر محمد خان محمد حسنی، سب انسپکٹر منور علی جتک (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

### قلعہ عبداللہ میں گھریلو تنازعے پر فائرنگ سے خاتون ہلاک ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ میں گھریلو تنازعے پر فائرنگ سے خاتون ہلاک ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق قلعہ عبداللہ کے علاقے دل سورہ کاریز میں گھریلو تنازع کے (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

## تربت میں امن وامان کے قیام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے‘ محسن بلوچ

### پولیس اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد اور قریبی روابط کے ذریعے ہی جرائم پر مؤثر قابو پایا جا سکتا ہے، ڈی ایس پی

تربت (این این آئی) تربت سٹی پولیس تھانہ میں ڈی ایس پی محسن بلوچ کی زیرصدارت ایک اہم کھلی کچہری منعقد ہوئی، جس میں شہر کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، امن وامان کے قیام، ٹریفک کے مسائل اور عوامی تعاون کے فروغ سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او سٹی تھانہ زمان شیر، ایڈیشنل ایس ایچ او حسین دشتی، سی آئی اے انچارج (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

### ڈپٹی کمشنر زیارت کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی اور ڈی آئی سی سی کا اہم اجلاس

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی اور ڈی آئی سی سی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج جنید احمد شیخ، ایف سی 155 ونگ کے لیفٹیننٹ کرنل ژیشان، میجر عامر، ایس پی (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

## سجاد حسین رند سمیت دیگر گرفتار اسیران کی ہدہ جیل سے باعزت رہائی، اساتذہ برادری میں خوشی کی لہر

### اساتذہ کے حقوق کی جدوجہد ایک اصولی اور آئینی جدوجہد ہے‘ مرکزی صدر گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن

گنداخہ (نامہ نگار فرید احمد) گرینڈ الائنس بلوچستان کے قائدین اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی صدر وقائدِ اساتذہ سجاد حسین رند سمیت دیگر گرفتار اسیران کی ہدہ جیل سے باعزت رہائی، اساتذہ برادری میں خوشی کی لہر، سینکڑوں اساتذہ نے شاندار استقبال کرتے ہوئے پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ تفصیلات کے مطابق گرینڈ الائنس (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

گرینڈ الائنس بلوچستان کے قائدین اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی صدر وقائدِ اساتذہ سجاد حسین رند سمیت دیگر گرفتار اسیران کی ہدہ جیل سے باعزت رہائی کے بعد اساتذہ اپنے قائدین کا استقبال کررہے ہیں

## اسسٹنٹ کمشنر دکی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس

### ضلع بھر کے تمام تعلیمی اداروں کی باقاعدہ نگرانی کو یقینی بنایا جائے، اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری پر سخت نظر رکھی جائے‘ محمد اکرم حریفال

دکی (خ ن) ضلع دکی میں تعلیمی نظام کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سید امیر شاہ بخاری، محکمہ تعلیم کے (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

### کوئٹہ سریاب روڈ پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے گاہی خان چوک سریاب روڈ پر موٹر سائیکل سوار دو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل جبکہ ایک کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو کوئٹہ کے علاقے گاہی خان چوک سریاب روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

## وندر‘ زرعی فارم کے درخت کے نیچے سے ایک شخص کی گولیاں لگیں لاش برآمد

### مقتول کی شناخت 30 سالہ اصغر علی ساکن کراچی کے طور پر ہوئی‘ اسپتال ذرائع

سونمیانی وندر (نمائندہ بلوچستان آبزرور) وندر، میراں پیر روڈ سے متصل بادین گوٹھ کھڑائی کے قریب واقع زرعی فارم کے درخت کے نیچے سے ایک شخص کی گولیاں لگیں لاش برآمد۔ اطلاع ملتے ہی وندر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو اپنی تحویل میں لے کر شناخت کے لیے رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) اسپتال وندر منتقل کر دیا گیا۔ جہاں اسپتال ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت 30 سالہ اصغر علی ساکن کراچی کے طور پر ہوئی۔ اسپتال ذرائع کے مطابق مقتول کے جسم پر پانچ گولیاں لگی تھیں۔ وندر پولیس نے ضابطے کی ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

## تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے‘ ظہور بلوچ

### گوادر بلوچستان کا پہلا ضلع ہوگا جہاں ایس ایس ٹی اساتذہ کی کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتی کا عمل شروع کیا جائے گا

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق ضلع گوادر میں معیاری تعلیم کے فروغ، تعلیمی نظام کو مزید مؤثر بنانے اور طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

سیاسی وسماجی رہنما اختر سالار حاجی سلیمان واپڈا آفیسر رضا سے خالق آباد کے کمبوں کے مسائل کے بارے میں ملاقات کررہے ہیں